نام ونسب قریشی فاروقی

کوپرہ، شاہدرہ، راجوری، شوپیاّں، جموں وکشمیر،

تراڑکھل، فارورڈکہوٹہ آزادکشمیر، اسلام آباد، کہوٹہ (پاکستان)

عامر محمود

نام ونسب قریشی فاروقی

عامر محمود

2026

جسٹس محمد صدّیق فاروقی ○ یہ کتاب نہ صرف یہ کہ "نام ونسب" کی بہترین عکاسی کرتی ہے بلکہ یہ کتاب شائقین علم کے لئے ایک معتبر حوالہ جاتی اور تاریخی دستاویز کی حیثیّت بھی رکھتی ہے۔

قاضی سلیم احمد ایڈیشنل سیکرٹری ○ کتاب نہ صرف علمی، تاریخی، تحقیقی اور فن انساب کے حوالے سے بلکہ دلوں کو موہ لینے والی طباعت کا بہترین شاہکار ہے۔

محمد امین قریشی ○ نسب کی محافظت پر شارع علیہ الصلوٰۃ والسلاّم نے بہت تاکید فرمائی ہے کہ اس حوالے سے بہت سے اسلامی احکامات کے عملاً نفاذ کا دارومدار ہے مثلاً قریبی رشتہ داروں کے حقوق صِلہ رحمی کے حوالے سے عامتہّ النّاس کے حقوق اور میراث، حدقذف اور والدین سے حُسنِ سلوک سب حسب ونسب سے ہی وابستہ ہیں۔

محمد اقبال فاروقی ○ یہ بات روزِ روشن کی طرح عیاں ہے کہ اس کتاب کو آنیوالے ماہ وسال میں ایک بُنیادی مَاخِذ ومَرجَع کی حیثیت حاصل ہوگی۔

قاضی مشتاق احمد ○ اب ضرورت اس بات کی ہے کہ اپنے خاندان کی بلند پایہ ہستیوں، اکابرین پر ریسرچ اور شجرۂ نسب پر تحقیق کا سلسلہ جاری رکھا جائے۔

عبدالرّحیم فاروقی ○ جہاں ہمیں حضرت سیدّنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ کی نسبت پر فخر ہے وہاں موجودہ روشن خیالی کے دور میں ان کی تعلیمات سے نسبت کی اشد ضرورت ہے۔

احمد ادریس فاروقی ○ کتاب ہذا فن انساب پر ایک منفرد اور بے مثل شاہکار ہے۔

زین احمد فاروقی ○ کتاب میں جا بجا ایسے حقائق اور گوشوں کا بھی انکشاف ہوا جو تا حال نظروں سے اوجھل رہے ہیں یہ کہنا ہرگز مبالغہ نہ ہوگا یہ کتاب ایک ایسی مستقل تاریخی دستاویز ہے جس میں بعض نہایت اہم حقائق کو اُن کے پس منظر سمیت ناقابل تردید شواہد کیساتھ یکجا کرنے کا اہتمام کیا گیا ہے

قاضی عدنان حنیف ○ عرب دنیا بھر میں واحد قوم ہے جس نے اپنے حسب ونسب کو قیامت تک بالکل صحیح انداز میں محفوظ کرنے کے لئے تمام اقوام عالم سے بڑھ کر محنت وکاوش سے کام لیا عربوں نے تو اپنے عظیم الشّان گھوڑوں اور اونٹوں تک کے شجرۂ نسب آج بھی محفوظ کئے ہوئے ہیں ان کے حافظے اور یاداشت کا دنیا کی کوئی قوم آج بھی مقابلہ نہیں کرسکتی اس لئے کہ یہ کمال انہیں سرکار دو عالم ﷺ کے عظیم الشّان خاندان "قُرَیش" کی برکت سے حاصل ہوا۔

9899692714338

بسم الله الرحمن الرحيم

Nam -O- Nasab Qureshi Farooqi

Kopra , Shahdara , Rajauri , Shopin , Jammu & Kashmir

Tarkhal , Islamabad , Kahuta (Pakistan).

نام ونسب قریشی فاروقی

کوپرہ، شاہدرہ، راجوری، شوپیاں، جموں وکشمیر،

تراڑکھل، فارورڈ کہوٹہ آزاد کشمیر، اسلام آباد، کہوٹہ (پاکستان)

بترتیب جدید

عامر محمود قریشی

بتعاون :

زبیدہ، نسیمہ ٹرسٹ کہوٹہ

نام کتاب:	نام ونسب قریشی فاروقی
	کوپرہ، شاہدرہ، راجوری، شوپیاں، جموں وکشمیر،
	ترا ڑکھل، فارورڈ کہوٹہ آزاد کشمیر، اسلام آباد، کہوٹہ (پاکستان)
محقق ومرتب:	عامر محمود
اشاعت اول:	نومبر 2005ء
اشاعت دوم:	اگست 2012ء
اشاعت سوم:	جون 2018ء
اشاعت چہارم:	17 مارچ 2026ء بمطابق 27 رمضان المبارک 1447 ہجری بروز منگل
تعداد:	تین سو
ناشر :	عامر محمود قریشی
موبائل نمبر :	0345-5556588
واٹس ایپ نمبر	0092-345-5556588
ای میل :	quryshi@hotmail.com
طابع:	نوبل پریس، بلیو ایریا، اسلام آباد



ارشادِ باری تعالٰی

وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّ قَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا ؕ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ ؕ

"اور ہم نے تمہیں مختلف خاندان اور قبائل میں بنایا تاکہ تم ایک دُوسرے کو پہچانو۔ درحقیقت اللہ کے نزدیک تم میں سب سے زیادہ عزت والا وہ ہے جو تمہارے اندر سب سے زیادہ متقی ہے"

﴿القرآن: سورۃ الحجرات، آیت 13﴾

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حدیثِ نبویؐ (صلی اللہ علیہ وسلم)

تَعَلَّمُوْا مِنْ اَنْسَابِکُمْ مَّا تَصِلُوْ بِہٖ اَرْ حَا مَکُمْ

"اپنے انساب کے متعلق اس قدر علم ضرور حاصل کرو جس سے تم صِلہ رحمی اور رشتہ داری کے حقوق کا خیال کرسکو"

﴿مِشکوٰۃ شریف﴾

انتساب

اس کے نام

جس کے ننانوے نام ہیں

محترمہ صبا جاوید
عزیزم عامر محمود کے لئے

میرے آدم !

جواب دو !

میرے سوال کا

تم مجھے کیوں زمین پہ

آسمان سے لے کر آئے

مجھے میرا آسمان

میری جنت

میر ا خدا دے دو

اور مجھے کچھ نہ دو

خدا کے لئے !

حسنِ ترتیب

حسنِ ترتیب

ابتدائیہ

خاندانِ "قُریش" خَاتَمُ الرُّسُل حضور محمّد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ ﷺ کی نسبت سے دنیا بھر کے خاندانوں میں ایک انتہائی ممتاز حیثیت رکھتا ہے جبکہ یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ چاروں خلفائے راشدین بھی اصلاً ونسلاً خاندانِ "قُریش" (Qurysh) سے ہی تعلق رکھتے ہیں اور تاریخ اس بات کی بھی گواہ ہے کہ ترکی کی اسلامی خلافت اور حکومت تک اکثر و بیشتر ہر دور میں مسلمانوں کے حکمران اعلیٰ ہمیشہ "قریش" ہی رہے۔

خَاتَمُ الرُّسُل حضور محمّد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ ﷺ نے خاندانِ "قُریش" کی بعض خصوصیّات اور کارناموں کی بنا پر نہ صرف یہ کہ تعریف فرمائی بلکہ اُن کے حق میں دُعائیہ کلمات بھی ارشاد فرمائے چنانچہ اسی سیاق وسباق کے حوالے سے راقم کو یہ اعزاز حاصل ہو رہا ہے کہ "قریشی فاروقی" نسبت رکھنے والے اپنے خاندان کا نام ونسب ترتیب دے کر شرف حاصل کروں۔

کتاب ھذا کے آغاز میں "نسب وممانعتِ نسب" اور "محافظتِ نسب" اور خاندانِ "قُریش" کے فضائل اور حضرت سیّدنا فارُوق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اپنی قرابت نسبی کا شرف حاصل ہونے کی بنا پر حضرت سیّدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شخصّیت مبارکہ کا مختصر سا جائزہ پیش کیا ہے تا کہ ہمارے "قریشی فاروقی" احباب اپنی نسبی فضیلت کو اچھی طرح سمجھ سکیں کیونکہ آج کے دور میں ہر شخص اپنے حسب ونسب کو بڑھا چڑھا کر بیان کرنے کا خوگر ہو چکا ہے حالانکہ وہی حسب ونسب حامل فضیلت ہوسکتا ہے جس کی فضیلت اور برتری پر اللہ اور اللہ کے رسول کے ارشادات موجود ہوں۔

اور پھر یہ کہ میں نے اپنے حسب ونسب کی اہمیت کے پس منظر میں تاریخی، تحقیقی، فنیّ اور علمی اعتبار سے اپنے آباءواجداد "قریشی فاروقی" شخصّیات کی پاکیزہ زندگی کے کچھ گوشے اپنے قارئین کے سامنے بالخصوص اور عامۃ النّاس کے سامنے بالعموم پیش کرنے کی ایک ادنیٰ سی کوشش کی ہے اور اللہ تعالیٰ نے مجھے اس سلسلے میں بڑی حد تک اپنے فضل سے نوازا ہے۔ ذٰلِکَ فَضۡلُ اللّٰہِ یُؤۡتِیۡہِ مَنۡ یَّشَآءُ ؕ

پیش نظر کتاب میں " قریشی فاروقی خاندان کی عظیم خواتین کا تعارف " میرے خالہ زاد بھائی جناب عبدالرّحیم فاروقی کی محبت کا مظاہرہ ہے عبدالرّحیم فاروقی پر بلاشبہ " قریشی فاروقی " خاندان کو فخر ہے کہ انہوں نے خاندان کی ان عظیم خواتین جنہوں نے ہمارے خاندان کو جنم دیا کو بڑی عرق ریزی کے ساتھ سپردِ قرطاس کر کے دوبارہ زندہ کر دیا اللہ تعالیٰ اُن کو اس کی مکمل جزا عطا فرمائیں دنیا میں اور آخرت میں بھی۔

اور چند معذرتیں۔

پہلی بات تو میرے لہجے کی ہے جو کہیں کہیں مجھے تلخ محسوس ہوا ہے۔ تاریخ کے مطالعے اور گردوپیش کے جائزے سے مرتب ہونے والے تاثر کے دیانت دارانہ اظہار کا لازمی نتیجہ یا تو تلخی ہو سکتی تھی یا منافقت اور میرے نزدیک یہ تلخی منافقت سے بہر حال بہتر ہے ...... پھر بھی اس خدشہ کے تحت کہ

ع انیس ٹھیس نہ لگ جائے آبگینوں کو

میں نے تاریخی حوالوں سے اور مستند کتابوں سے کام لیا ہے اور جو کچھ کہا جا سکتا تھا اس سے بہت کم پر اکتفا کیا۔

دوسری بات زبان و بیان کے حوالے سے ہے اس سلسلے میں عقل کل کا مجھے قطعاً کوئی دعویٰ نہیں اور نہ یہ کوئی ادبی تخلیق ہے بلکہ یہ ایک عاجزانہ پیشکش ہے۔

تیسری زیادہ اہم بات یہ کہ مخلوق سے توقعات کا وابستہ رکھنا، مسلمان کے ذوق وحدت پرستی کے خلاف ہے، لہذا اس کاوش سے، میرا مقصد ہرگز یہ نہیں کہ کوئی اپنا یا بیگانہ مجھے خراج تحسین پیش کرے اس کے باوجود اگر کوئی قدر شناس مجھے کسی قابل سمجھتا اور اپنے گوشۂ التفات میں جگہ دیتا ہے تو میں اسے اللہ تعالیٰ کا فضل اور اُس کی بلندی اخلاق سمجھتا ہوں، کہنے کا مقصد یہ ہے کہ مجھے قطعاً ادّعائے علم وفضل نہیں اور نہ ہی میں نے اپنی علمیّت کے اظہار کی خاطر یہ سب کچھ کیا، اگر تصنیف وتخلیق کا مقصد صرف اظہار علمیّت تسلیم کیا جائے تو دنیا کے ہر مصنف کی نیت مشکوک ہو کر رہ جائے گی۔ امر واقع یہ ہے کہ میں نے آئندہ نسلوں کی بہتری اور " صلہ رحمی " کی غرض سے اپنی مقدور بھر سعی سے یہ کام کیا ہے۔

چوتھی مگر زیادہ اہم بات یہ کہ قرآنی آیات کے حوالے اور نمبر دیتے وقت ہر ممکن احتیاط برتی گئی ہے پھر بھی اگر کوئی کوتاہی نظر آئے تو قارئین اسے قرآن حکیم کے مطابق درست کر لیں۔

پانچویں اہم بات شجرۂ نسب اور ایڈریس برائے رابطہ شجرہ ہذا بشمول احباب، کے نام، ایڈریس

اور ٹیلی فون نمبرز دیتے وقت انتہائی احتیاط برتی گئی ہے پھر بھی اگر کوئی نام سہواً غلط یا لکھنے سے رہ گیا ہوتو قارئین اس کی خود اصلاح کرنے کے ساتھ ساتھ مجھے اپنا نام، مکمل پتہ، ٹیلی فون نمبرز اور اپنی قیمتی آراء سے آگاہ فرمائیں توانشاء اللہ ان مشوروں کی روشنی میں اگلے ایڈیشن کو مزید خوبصورت اور جاذب نظر بنا کر پیش کیا جائے گا۔

چھٹی سب سے اہم بات اپنے نسب سے آگاہی ہر انسان کے لئے ضروری ہے کہ اُس کا مورث اعلیٰ کون ہے؟ اور اس کی تائید وتصدیق خود قرآن حکیم اور احادیث صحیحہ سے بھی ہوتی ہے اس لئے شجرۂ نسب کی اشاعت سے کسی نسلی تفاخر کا اظہار ہرگز مقصود نہیں، اس کی اشاعت سے محض یہ غرض مقصود ہے کہ یہ شجرہ ہماری آئندہ نسلوں کے لئے ایک تاریخی دستاویز کے طور پر محفوظ رہے۔

ساتویں اہم بات کتاب میں عمداً مفاہیم سے کام لیا ہے اور اس سلسلے میں مختلف علماء اور دانشوروں سے استفادہ کیا ہے تا کہ سہو کا امکان نہ رہے اور مقصد ومنشاء سے قریب تر پہنچ کر مطالب کو واضح کیا جا سکے۔

کتاب کے دیگر بعض اُمور میں جن احباب نے اپنے انتہائی قیمتی وقت میں سے چند لمحات عطا کر کے میرے ساتھ خوشدلی سے کتاب کو سنوارنے وسجانے اور تیاری میں مخلصانہ تعاون کیا اور کتاب کے بارے میں اپنی گراں قدر آراء کا اظہار بھی کیا اُن کا ذکر نہ کرنا بعید از انصاف ہو گا بعض لوگ اس کے اظہار سے ہچکچاتے ہیں، مگر اعترافِ حقیقت اور اُس کا اظہار ایک ارفع انسانی صفت ہے، لہٰذا میری طبیعت اظہارِ سپاس کے طور پر ان حضرات کی خدمات کے ذکر میں عار کی بجائے افتخار محسوس کرتی ہے۔

اس سلسلے میں اپنے صاحب علم دوست عصر حاضر کے معتبر محقق و دانشور اور صاحب ترجمہ "قرآن حکیم" اردو اور انگلش (غیر مطبوعہ) محترم جناب "قاضی محمد گلفراز قریشی ہاشمی صاحب" کا تذکرہ بہر حال اولیت کا مستحق ہے مبالغہ نہ ہو گا اگر میں یہ کہوں کہ "قاضی محمد گلفراز قریشی ہاشمی صاحب" کی معاونت اگر شریک حال نہ ہوتی تو اس کتاب کے مشمولات محض میرے ذہن تک ہی محفوظ رہتے اور میں انہیں کاغذ پر منتقل کر کے کتابی صورت میں پیش نہ کر سکتا۔ حقیقت یہ ہے کہ "قاضی محمد گلفراز قریشی ہاشمی صاحب" ان کی قیمتی آراء، حوصلہ افزائی اور سعی بلیغ کے باعث میں اس کھٹن کام کو سرانجام دینے کے قابل ہوا۔ ان کی شبانہ روز محنت کے عوض "شکریہ" کا لفظ بہت ناکافی اور بے وزن محسوس ہوتا ہے۔

میرے کزن اور معروف علمی شخصیّت محترم حضرت " محمد امین قریشی " صاحب ہر چند اس کتاب کی تکمیل کے بعد کے مرحلوں میں میرے ساتھ شریک ہوئے لیکن نظرثانی کے یہ مراحل ہر اعتبار سے ابتدائی مراحل سے زیادہ اہم تھے ان کے خلوص اور قیمتی مشوروں کے لئے جو ویسے بھی میرے شامل حال رہتے ہیں میں ان کا بے حد ممنون ہوں کہ ان کی رفاقت نے مجھے طمانیت قلب کے ساتھ یہ کام مکمل کرنا کا موقعہ دیا۔

اور آخر میں اصولی طور پر میں ان تمام مصنفیّن جن کی گراں قدر تصانیف، حافظ ابن عساکر (تاریخ دمشق) ابن سعد ابوعبداللہ بن محمد سعد (طبقات) ابوداوَد سلیمان بن الشعث الازدی (سنن ابوداوَ) امام ابوالفراج عبدالرحمٰن (حضرت عمر الفارُوق ؓ)، ابی جعفر محمد بن جریر الطبری (تاریخ طبری)، امام بخاری محمد بن اسماعیل (صحیح بخاری)، امام مسلم (صحیح مسلم شرح)، امام یوسف یعقوب (کتاب الخراج) علامہ بلاذری (فتوح البلدان)، علامہ جاحظ مصری (کتاب البیان والتبیین)، علامہ جلال الدّین سیوُطی (جامع صغیر) خطیب ولی الدین محمد بن عبداللہؒ (مشکوٰۃ شریف)، علامہ شبلی نعمانی (سیرت النبی ﷺ) شہاب الدّین احمد بن محمد ابن حجر (الصّواعق المحرقہ)، علامہ شہاب الدین ابی الفضل السید محمود الالوسی بغدادی (تفسیر روح المعانی)، قاضی محمد عالم الدّین (مکتُوبات امامِ ربّانیؒ)، عبدالحق محدّث دہلوی (شِعَّۃُ الّمعات شرح مشکوٰۃ شریف)، محمد اقبال فارُوقی (شجرہَ نسب قاضیانِ مجہور راجوری جموں وکشمیر)، محمد حسین ہیکل (سَیّدنا عُمرَ فارُوقؓ)، سیّد محمد قاسم (اسلامی انسائیکلوپیڈیا)، سید ابوالاعلیٰ مودودی (تفہیم القرآن) اور علامہ نور بخش توکلی ایم اے (تذکرہ مشائخ نقشبندیہ) سے میں نے استفادہ کیا، ان سب کا بے حد ممنون احسان ہوں۔

عامر محمود قریشی

کہوٹہ-اسلام آباد (پاکستان)

27 رمضان المبارک 1426ھ، بمطابق 1 نومبر 2005ء

حروفِ اِضافی

(طبع دوم)

کتاب کا زیرِ نظر پہلا ایڈیشن "زبیدہ ونسیمہ ٹرسٹ کہوٹہ" سے نومبر **2005**ء میں شائع ہوا اب اس کتاب کا جدید ایڈیشن اشاعت کے بعد آپ کے ہاتھوں میں ہے اس ایڈیشن کو دلچسپ بنانے کے لئے قریشی فاروقی خاندان کے بہت سے افراد کی تصاویر اور "قریشی فاروقی خاندان میں کون کس کی بیٹی ہے؟" چارٹ کا اضافہ کیا جا رہا ہے اس چارٹ کی تیاری میں جناب عبدالرّحیم فاروقی صاحب (اسلام آباد)، جناب قاضی فیاض احمد صاحب (راجوری) اور میری پھوپھی زاد بہن ڈاکٹر نصرت ظہور قریشی (شوپیاّں) نے بھرپور تعاون کیا جس کے لئے میں اُن کا بے حد ممنون ہوں۔

"قریشی فاروقی خاندان میں کون کس کی بیٹی ہے؟" کا چارٹ دیتے وقت انتہائی احتیاط برتی گئی ہے پھر بھی اگر کوئی نام سہواً غلط یا درج ہونے سے رہ گیا ہو تو وہ اپنا تعارف اور نام درج کروانے نیز آپ کے خاندان میں بیٹا اور بیٹی کی پیدائش پر اُن کے نام درج کروانے کے لئے جناب قاضی عبدالقیوم صاحب، جناب عبدالرّحیم فاروقی صاحب اور جناب قاضی فیاض احمد صاحب سے رابطہ کریں۔

آخر میں اُمید ضرور کرتا ہوں اور ہے کہ **I.T** (انفارمیشن ٹیکنالوجی) کے اس دور میں کمپیوٹر اور انفارمیشن ٹیکنالوجی سے معمور ہماری نوجوان نسل جوان مہارتوں کی حامل ہے وہ اس فضا میں کوئی خدمت اپنے خاندان کے لئے دے سکتی ہے تو وہ خاندان کی تاریخ کو کاغذ سے برقی لوح پر منتقل کر دے۔

بندہ فانی

عامر محمود قریشی

کہوٹہ، اسلام آباد (پاکستان)

27 رمضان المبارک **1433**ھ، بمطابق **16** اگست **2012**ء

رفتگان

زیرِنظر کتاب کی اشاعت اوّل اوراشاعت دوم کے پریس جانے کے وقفے میں " قریشی فاروقی " خاندان کی کتنی ہی اہم شخصیتوں کوموت ہم سے چھین لے گئی۔حاجی محمد یونس فاروقی ، حاجی بشیر احمد قریشی ، حاجی امیر حسین قاضی،نعمان امین قریشی، قاضی ظفرامین قریشی،عظمت بیگم زوجہ نسیم احمد فاروقی اورسکینہ بیگم زوجہ قاضی فضل حسین چند سال میں انتقال کر گئے۔اُدھر تراڑکھل، آزادکشمیر سے خبر آئی کہ 4 رمضان المبارک کومشہورومعروف محقق وماہرتعلیم محمد اقبال فاروقی بھی رحلت فرماگئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

میں ان سب رفتگان کے پسماندگان کے غم محرومی میں شریک ہوں اور دلی ہمدردی کا اظہار کرتا ہوں،االلہ تعالیٰ تمام مرحومین کوجوارِرحمت میں جگہ دے،امین

ع زسازِ عافیتِ خاک می رسدآواز

کہ ساکنانِ ادب گاہ نیستی،ہستند (بیدلؒ)

● خاکی آرام گاہ کے ساز سے یہ آواز آرہی ہے کہ عالم نیست کی اس ادب گاہ کے رہنے والے زندہ ہیں ہر چند کہ ان کا آفتاب حیات بہ ظاہر غروب ہو چکا ہے مگر بہ باطن وہ مطلع بقا پر اپنی پوری آب وتاب کے ساتھ جلوہ افروز ہیں۔

حروف اضافی

(طبع ثالث)

کتاب زیر نظر " قریشی فاروقی " کا تیسرا ایڈیشن نظر ثانی کے بعد پیش کیا جا رہا ہے۔
کتاب کی ترتیب جدید، تدوین اور اس کے لئے فنی مشاورت میں جناب عبدالرحیم فاروقی (اسلام آباد)، جناب قاضی عبدالقیوم (کہوٹہ)، جناب قاضی مشتاق احمد (راجوری، مقبوضہ کشمیر)، جناب قاضی فیاض احمد (راجوری، مقبوضہ کشمیر) اور میری پھوپھی زاد بہن ڈاکٹر نصرت ظہور قریشی (شوپیاں، مقبوضہ کشمیر)، جناب صاحبزادہ محمد سبطین (لنڈن) اور قاضی مبشر حمید (راولپنڈی) نے بڑے خلوص و محبت کا مظاہرہ کیا میں ان تمام مہربانوں کا الفاظ میں شکریہ ادا کرنے سے قاصر ہوں۔ اللہ تعالیٰ ان تمام لوگوں کو اس عمل کی بہترین جزا دے آمین! یارب العالمین۔

پیش نظر کتاب کے نظر ثانی ایڈیشن کو کاغذ سے برقی لوح (ویب) پر منتقل کر دیا گیا ہے۔
کتاب کو کاغذ سے برقی لوح پر منتقلی کو آپ میرا دوسرا قدم سمجھیے۔ اللہ تعالیٰ ہماری اس کوشش کو اپنی بارگاہ میں شرف قبولیت بخشے آمین۔

اُمید ہے کہ آپ کو بھی اس صحرائے جستجو میں کہیں کہیں شوخ رنگ کے کچھ نقوش نظر آئیں گے جو جاذب نظر ہوں گے۔ فی الحال اجازت چاہتا ہوں پھر ملیں گے اگر خدا لایا۔

عامر محمود قریشی

کہوٹہ - اسلام آباد (پاکستان)

27 رمضان المبارک 1439ھ، بمطابق 12 جون 2018ء

رفتگان/ سانحات

کتاب کے دوسرے ایڈیشن کی اشاعت سے اب تک متعدد احباب کی رحلت قریشی فاروقی اور قریشی صدیقی خاندان کی دنیا کو ویران کرگئی ہے اس دوران قریشی فاروقی احباب میں سے قاضی فضل حسین، قاضی محمد شفیع ، کہوٹہ رخصت ہوئے ساتھ ہی قاضی ضیاء الدین، تراڑکھل اور محمد ادریس فاروقی، اسلام آباد نے بھی رختِ سفر باندھ لی۔اُدھر کوپرہ ،مقبوضہ کشمیر سے خبر آئی کہ قاضی خورشید الحق انتقال کر گئے۔ ساتھ ہی قاضی سلیم احمد(Ex) ایڈیشنل سیکرٹری گورنمنٹ جموں وکشمیر نے بھی رخت سفر باندھ لی۔خزینہ بیگم زوجہ قاضی محمد حنیف، کہوٹہ 4 دسمبر 17ءکوہم سے جدا ہوگئیں۔

جسٹس محمد صدیق فاروقی(Ex) چیف الیکشن کمشنر آزاد کشمیر کی وفات 28 اکتوبر 2017ء قریشی فاروقی خاندان کے لئے بلاشبہ ایک بڑا سانحہ ہے کئی برس سے آپ عارضہ قلب کے باعث خانہ نشین ہو چکے تھے مگران سے گفتگو کر کے نئی نسلیں باقاعدہ انسپریشن حاصل کرتی تھیں آپ ایک ماہر قانون دان ہی نہیں تھے بلکہ مورخ اور محقق تھےاوران سب پر مستزاد ایک نہایت متوازن ذہن کے نرم گفتار مگرراست گفتار انسان تھے جسٹس محمد صدیق فاروقی کتنے ہی اہل قانون دان کے لئے ایک مشعل ہمدردی وہدایت تھے۔

ظہوراحمد قریشی (صدیقی)اسلام آباد کی اچانک وفات ایک سانحہ ہےانا لله و انا اليه راجعون آپ جیسی ہستیاں ہماری اقدار کا ایک زرین باب ہیں آپ نے انجنیر نگ کے شعبے میں جو کارہائے نمایاں سرانجام دیئے ہیں وہ ہمیشہ لوح وقت پر جگمگاتے رہیں گئے۔ساتھ ہی خلیل احمد قریشی(Ex) چیف سیکرٹری آزاد جموں وکشمیر حکومت وسابقہ وائس چانسلر مظفر آباد یونیورسٹی، آزاد کشمیر کی رحلت ادب وفن اور علم ودانش کی دینا کو ویران کرگئی ان کا وجود کشمیر کی اہم علمی وادبی تقاریب کی کامیابی اور کارکردگی کی ضمانت تھا۔۔۔

مرنا تو ہر ذی روح کو ہے ،مگر اتنے قیمتی انسان جن سے ایک خاندان ہی نہیں ،ایک ملک اور ایک قوم اور ایک تہذیب کا وقار وابستہ ہوتا ہے، یوں یکے بعد دیگرے سدھارنے لگیں تو ان میں سے ہر ایک کی موت ایک سانحے میں بدل جاتی ہے۔

میں ان سب رفتگان کے متعلقین کے غم محرومی میں شریک ہوں اوراللہ تعالیٰ سے دُعا ہے کہ سب مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام نصیب فرمائے۔آمین

یاد رفتگان / یاد چراغ

کچھ جدائیاں ایسی ہوتی ہیں جو آنکھوں سے زیادہ دل کو رُلا دیتی ہیں وقت ٹھہرا سا جاتا ہے، لفظ ساتھ چھوڑ دیتے ہیں اور خاموشی ہر بات کہہ دیتی ہے وہ چہرے جو مسکراہٹ بانٹتے تھے، وہ آوازیں جو حوصلہ دیتی تھیں اچانک یادیں بن جاتی ہیں ۔ یاد رفتگان دراصل اُن سانسوں کی کہانی ہے جو، اب ہمارے درمیان نہیں، مگر دل کی دھڑکن میں آج بھی زندہ ہیں ۔

گذشتہ جند برسوں میں ہم نے کئی نمایاں شخصیات کو کھو دیا ہے، ان میں ایک محمد ایوب قریشی ولدالحاج بشیر احمد قریشی پردیسی (اسلام آباد) شامل ہیں ، ان کی وفات ایک نہ صرف ان کے قریبی لوگوں کے لیے بلکہ پورے معاشرے کے لئے ایک گہرا صدمہ تھی ۔مرحوم ایک نیک سیرت، خوش اخلاق اور بااصول انسان تھے وہ ہمیشہ ہمارے دلوں میں اچھی یادوں میں اور دعاؤں کے ساتھ زندہ رہیں گے ۔
نعیمہ بیگم زوجہ قاضی محمد رفیق قریشی بھی ہم سے جدا ہوگئیں ۔مرحومہ ایک نیک دل، صابر اور محبت کرنے والی بزرگ خاتون تھی، انہوں نے اپنی زندگی صلہ رحمی، خدمت اور دعا میں گزاری ۔
اُدھر مقبوضہ کشمیر سے خبر ملی کہ قاضی نظیر احمد ولد قاضی سراج الدین (راجوری) اور قاضی فاروق احمد ولد قاضی غلام حیدر (شوپیاں) مقبوضہ کشمیر انتقال کر گئے ہیں، جب کوئی بزرگ شخصیت ہم سے جدا ہوتی ہے تو صرف ایک فرد نہیں جاتا بلکہ علم، تجربہ اور اخلاق کا ایک پورا باب بند ہو جاتا ہے ۔
میرے خالو قاضی محمد حنیف ولد قاضی محمد حسین (کہوٹہ) بھی آج ہمارے درمیان نہیں رہے وہ سادگی، خلوص اور خدمت کا پیکر تھے ان کے دنیا سے رخصت ہونے سے ایک خلاء پیدا ہو گیا ہے جو الفاظ میں بیان نہیں کیا جا سکتا ان کی زندگی ہمیں یہ سبق دیتی ہے کہ اصل کامیابی دولت وشہرت نہیں بلکہ کردار، نرم لہجہ اور دوسروں کے کام آنا ہے وہ خاموشی سے نیکی کرتے رہے اور اپنی سادگی سے دلوں کو جیتتے رہے ۔
اور آخر میں، میرے والد بزرگوار **قاضی خادم حسین** مرحوم (کہوٹہ) صرف ایک فرد نہیں تھے وہ ایک مکمل درسگاہ تھے ان کی زندگی محنت، صبر اور دیانت کی روشن مثال تھی وہ کم بولتے تھے انہوں نے ہمیں سکھایا حالات جیسے بھی ہوں ایمان کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑا جائے ۔19 اپریل 2020ء کو ہم سے جدا ہو گئے ۔ والدین کی محبت اعلان کی محتاج نہیں ہوتی وہ اپنی اولاد کے لئے خاموش دعاؤں، بے لوث قربانیوں اور نہ

ختم ہونے والی فکر کی صورت میں ظاہر ہوتی ہے وہ خود پیچھے رہ کر ہمیں آگے بڑھتا دیکھنا چاہتے تھے آج جب وہ ہمارے درمیان نہیں تو احساس ہوتا ہے کہ زندگی کی سب سے مضبوط دیواریں ہم سے جدا ہو چکی ہیں۔

موت ایک حقیت ہے مگر یادیں موت سے زیادہ طاقتور ہوتی ہیں۔نیکیاں وقت کے پار بھی چراغ بن کے جلتی رہتی ہیں آج آنکھ نم ہے، دل بوجھل ہے، مگر شکر اس بات کا ہے کہ ہمیں اُن کے ساتھ جینے کا موقع ملا، کچھ لمحے، کچھ باتیں، کچھ دعائیں، جو کبھی نہیں مٹتیں۔

یادرفتگاں صرف غم کا سبب نہیں بنتی بلکہ ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ زندگی عارضی ہے اصل سرمایہ ہمارے اعمال ہیں جو لوگ اچھے کام کرتے ہیں ان کی یادیں ہمیشہ زندہ رہتی ہیں، اگر ہم بھی اپنے رویے میں اخلاص، برداشت اور محبت پیدا کرلیں تو یہی ان کے لئے بہترین خراج عقیدت ہوگا۔

آخر میں اپنے والدین کے لئے نکلی دعا ہی سب سے بڑا تحفہ ہے، اللہ تعالی میرے والدین کی مغفرت فرمائے ان کے درجات بلند کرے اور جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا فرمائے۔(آمین)

وَقُل رَّبِّ الرحَمهُمَا كَمَا رَ بَّيَانِي صَضِيَّرا

اور کہو، اے میرے رب! ان دونوں (ماں باپ) پر رحم فرما، جس طرح انہوں نے مجھے بچپن میں پالا۔

عامر محمود قریشی

کہوٹہ-اسلام آباد (پاکستان)

27رمضان المبارک 1447ھ، بمطابق 17مارچ 2026ء بروز منگل

Join Us:

+92 345 5556588

http://facebook.com/aamirmquryshi

تقریظات

* جناب جسٹس محمد صدّیق فاروقی
* جناب قاضی سلیم احمد
* جناب محمد امین قریشی
* جناب محمد اقبال فاروقی
* جناب قاضی مشتاق احمد
* جناب عبدالرّحیم فاروقی
* جناب قاضی عدنان حنیف

تقریظ

از

جناب جسٹس محمد صدّیق فاروقی صاحب

سابق جسٹس ہائی کورٹ آزاد کشمیر

سابق سیکریڑی قانون و چیف الیکشن کمشنر آزاد کشمیر

میں نے جب مُسَوّ دہ کتاب ھذا پر ایک نظر ڈالی تو مجھے محسوس ہوا کہ عزیز محترم عامر محمود فاروقی نے اپنی تحقیق و تدوین کو نہایت سلیقے سے صفحہ قرطاس پر منتقل کیا ہے اور اُنہوں نے ہر موزوں مقام پر بڑے معتبر حوالہ جات بھی پیش کئے ہیں اور یوں یہ کتاب نہ صرف یہ کہ "نام و نسب قریشی فاروقی" خاندان کی بہترین عکاسی کرتی ہے بلکہ یہ کتاب شائقین علم کے لئے ایک معتبر حوالہ جاتی اور تاریخی دستاویز کی حیثیت بھی رکھتی ہے اور جن اصحاب کو کتاب ہٰذا کی کسی شخصیّت یا واقعات کی دیگر تفصیلات کی تلاش و جستجو کا شوق ہو وہ مُولِفِ کتاب "عامر محمود فاروقی" کے دیئے ہوئے ان حوالوں تک پہنچ کر با آسانی اس شخصّیت اور اُس دور کے اصل مآخذ و مراجع تک پہنچ جائیں گئے۔

میں یہاں اِس بات کو تاریخ کا ایک حصّہ بنانے کی خاطر فقط اتنا ضرور کہوں گا کہ عزیزم "عامر محمود" ایک جوان سال محقّق کے طور پر اُبھر کر سامنے آئے ہیں حقیقت یہ ہے کہ ایسے نوجوانوں پر ہم بزرگ فخر کرتے ہیں۔ اللہ کریم سے دعا ہے کہ اُنہیں برادری کی بالخصوص اور دیگر عوام کی بالعموم خدمت کا موقع عطا فرمائے، آمین!

جسٹس محمد صدّیق فاروقی

(اسلام آباد)

تقریظ

از

جناب قاضی سلیم احمد صاحب

ایڈیشنل سیکرٹری گورنمنٹ جموں وکشمیر

راجوری، مقبوضہ کشمیر

کتاب نہ صرف علمی ،تاریخی ،تحقیقی اورفن انساب کے حوالے سے بلکہ دلوں کوموہ لینے والی طباعت کا بہترین شاہکار ہے کتاب کی اشاعت پر میرا خاندان مُولفِ کتاب کاشکر گزار اور ممنون احسان ہے اللہ تعالیٰ موٗلف کومزید برکتوں سے اور موٗلف کی اِس کاوش کوشرفِ قبولیت سے نوازے، آمین!

قاضی سلیم احمد

ایڈیشنل سیکرٹری, جموں وکشمیر

راجوری، مقبوضہ کشمیر

تقریظ

از

ماہرِ تعلیم جناب محمد امین قریشی صاحب

ایم اے (اردو)، ایم اے (فارسی)، بی ایڈ (گولڈ میڈلسٹ) پنجاب
ایم اے (ایجوکیشن)، ایل ایل بی (آنرز) انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد
ریٹائرڈ ایگزیکٹو ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن اٹک ڈویژن

حسب ونسب کے حوالے سے خاندانوں اور قبائل کے بارے میں قرآن حکیم اور حدیث شریف کے روشن دلائل بنی نوعِ انسان کو صدیوں سے فیضیاب کر رہے ہیں۔

نسب کی محافظت پر شارع علیہ الصلوٰۃ والسلامؑ نے بہت تاکید فرمائی ہے، کہ اس حوالے سے بہت سے اسلامی احکامات کے عملاً نفاذ کا دارومدار ہے۔ مثلاً قریبی رشتہ داروں کے حقوق، صلہ رحمی کے حوالے سے عامتہ النّاس کے حقوق اور میراث، حد قذف اور والدین سے حُسنِ سلوک، سب حسب ونسب سے ہی وابستہ ہیں۔ حقیقت تو یہ ہے حضرت انسان کے لئے حسب ونسب ایک عظیم الشّان نعمت خداوندی ہے جس کی جتنی بھی قدر کی جائے کم ہے۔ راقم سطور ھذا نے "قریشی فاروقی" ہونے کے ناطے شجرۂ ہٰذا پر فاضل نوجوان عزیزم "عامر محمود" کی محنت اور کاوش کو دیکھ کر، مُنہ سے بے ساختہ شاباش کا لفظ نکلا۔

سیّدنا فاروق اعظم سے بے پناہ محبت رکھنے والے عزیزم "عامر محمود" مبارک باد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے آقائے دو جہاں ﷺ کے پاک خاندان قُریش کی خدمت کر کے ہمارے دِل موہ لئے ہیں۔

اُمید ہے کہ قارئین اور وابستگان شجرۂ اُنکی اس عظیم الشّان محنت کو قدر کی نگاہ سے دیکھیں گے۔

محمد امین قریشی

(راولپنڈی)

تقریظ

از

محقّق و ماہر تعلیم جناب محمد اقبال فاروقی صاحب

ایم اے، بی اے (آنرز)، بی ایڈ۔
تراڑکھل، آزاد کشمیر

شجرہَ نسب ھذا کا عمیق مطالعہ کیا ہے اور یہ جان کر ازحد خوشی ہوئی ہے کہ اِس نوجوان نے کتاب کی تالیف کے لئے جو گہرا اور بالاستیعاب کیثر مطالعہ و تحقیق کی اور عرق ریزی و خلوص کے ساتھ اس کو پایہ تکمیل تک پہنچایا وہ انتہائی قابل تعریف و تحسین ہے اور یہ کام یہاں ہی ختم نہیں ہونا چاہے بلکہ اپنے خاندان کی بلند پایہ ہستیوں، اکابرین پر ریسرچ اور شجرہَ نسب پر تحقیق کا سلسلہ جاری رکھنے کی ضرورت ہے۔

سَیّدنا عُمرَ فارُوق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ذِکرِ جمیل جس ادب و محبت سے کیا گیا ہے وہ قابلِ داد ہے اور مزید یہ کہ تمام سیرت و سوانح حیات پر قرآن و حدیث سے قوی استدلال کیا گیا ہے۔

اس شجرہ کی اہمیت کے متعلّق میرے پاس وہ الفاظ نہیں جو رقم کر سکوں یہ بات روزِ روشن کی طرح عیاں ہے کہ اس شجرہ کو آنیوالے ماہ و سال میں ایک بُنیادی مَاخِذ و مَرجَع کی حیثیت حاصل ہوگی۔ میں حضرت علامہ اقبال رحمتہ اللہ کے اس مصرع پر اپنی گذارشات کو ختم کرتا ہوں۔

ع جوانوں کو پیروں کا استاد کر

محمد اقبال فاروقی

تراڑکھل، آزاد کشمیر

تقریظ

از

جناب قاضی مشتاق احمد صاحب

راجوری، مقبوضہ کشمیر

عامر محمود نے شجرۂ ہذا کتابی شکل میں شائع کر کے نوجوان نسل کو اپنے اباؤ اجداد سے بہتر انداز میں متعارف کرانے میں یقیناً نہایت اہم کردار ادا کیا ہے۔ اب ضرورت اس بات کی ہے کہ اپنے خاندان کی بلند پایہ ہستیوں، اکابرین پر ریسرچ اور شجرۂ نسب پر تحقیق کا سلسلہ جاری رکھا جائے۔

اور چاہیے کہ اپنے خویش و اقارب، بھائیوں، بہنوں، چچاؤں، پھوپیوں، خالاؤں، سسرال، ننہال وغیرہ اور ان کی اولاد کے ساتھ صلہ رحم بجالائیں، اور اپنے بیٹوں، بیٹیوں کی آپس میں رشتہ داریاں کر کے قرابت و محبت کو بڑھائیں۔

قاضی مشتاق احمد

راجوری، مقبوضہ کشمیر

تقریظ

از

جنابِ عبدالرّحیم فاروقی صاحب

سابق ممبر پریس مشاورتی کونسل وزیرِاعظم آزاد کشمیر
چیرمین گلزار صفیہ بیگم میموریل ٹرسٹ، آسلام باد

کتاب ہٰذا کا مطالعہ کرنے کے بعد میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ کون ہے جو اس کتاب کی قدر و قیمت سے انکار کر سکے جو کہ ایک زبردست تحقیقی کاوش اور قابل اعتماد تاریخی دستاویز کی حیثیت کا درجہ رکھتی ہے۔

زیرِنظر کتاب میں سیدنا عُمرؓ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلفیہ راشد دوم جس پر عالم اسلام کو ناز ہے کہ ان کے افکار پر عزیزم "عامر محمود" نے اظہار خیال کی جسارت کی ہے جس سے اللہ تعالیٰ کی مخلوق صدیاں گزرنے کے بعد بھی پیار کرتی ہے اور تا قیامت پیار کرتی رہے گی۔

چنانچہ قرآن کریم کی آیت مبارکہ **لَقَد کَانَ لَکُمُ فِی رَسُولِ اللهِ اُسَوَۃُ حَسَنَۃُ (القرآن)** کو پیش نظر رکھتے ہوئے جہاں ہمیں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ، حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانیؒ ، بابا فرید الدین گنج شکر رحمتہ اللہ اور شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمتہ اللہ ؒ سے نسبت پر فخر ہے وہاں موجودہ روشن خیالی کے دور میں ان کی تعلیمات سے نسبت کی اشد ضرورت ہے اور اس میں ہماری فلاح ہے کہ ہم ان کے نقش قدم پر چلیں۔

عبدالرّحیم فاروقی

اسلام آباد

تقریظ

از

جناب قاضی عدنان حنیف صاحب

ایم ایس سی، لنڈن

کہوٹہ۔ اسلام آباد

کتاب ہٰذا کے مُسَوَّدہ کے مطالعہ کے بعد راقم کو نہایت ہی اطمینان قلبی ہوا۔ ماشاء اللہ "عامر محمود" نے انتہائی پرفتن دور میں بھی وہ کارنامہ انجام کر دکھایا جو اصل عرب باشندوں کا طرّۂ امتیاز ہے۔ کیونکہ عرب دنیا بھر میں واحد قوم ہے جس نے اپنے حسب ونسب کو قیامت تک بالکل صحیح انداز میں محفوظ کرنے کے لئے تمام اقوام عالم سے بڑھ کر محنت وکاوش سے کام لیا۔ عربوں نے تو اپنے عظیم الشّان گھوڑوں اور اونٹوں تک کے شجرۂ نسب آج بھی محفوظ کئے ہوئے ہیں۔ ان کے حافظے اور یاداشت کا دنیا کی کوئی قوم آج بھی مقابلہ نہیں کر سکتی اس لئے کہ یہ کمال انہیں سرکار دو عالم ﷺ کے عظیم الشّان خاندان "قُرَیش" کی برکت سے حاصل ہوا۔

کتاب کی ایک اضافی خوبی یہ بھی ہے کہ احباب شجرۂ ھذا کی تصاویر کے پس منظر میں شجرۂ ھذا کے مشہور اکثریتی رہائشی مقامات کو بھی تصاویر سے مزّین کیا گیا ہے۔ جس سے شجرۂ نسب کی فنیّ جاذبیت اور دِلکشی میں بھی اضافہ ہو گیا ہے۔

اُمید ہے کہ تمام عزیز واقارب اِس عظیم الشان محنت کو قدر کی نگاہ سے دیکھیں گئے۔

قاضی عدنان حنیف

لنڈن

باب اوّل

* "نسب و ممانعتِ نسب" اور "محافظتِ نسب" قرآن واحادیث کی روشنی میں
* لفظ "قریش" کی وجہ تسمیہ
* خاندانِ قریش "قرآن واحادیث کی روشنی میں"

"نسب و ممانعتِ نسب" اور "محافظتِ نسب" قرآن و احادیث کی روشنی میں

"حضرت ہشامؒ اپنے والد سے روایت فرماتے ہیں کہ سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم اپنے خاندانی نسب نامے معلوم کرلیا کرو تا کہ تم اپنے خاندان کے لوگوں سے اچھا سلوک کرسکو"

"نسب" کے معنیٰ، ہرانسان کے حقیقی آباء واجداد سے صحیح انتساب کے ہیں، اور لفظ "نسب" کا تعلق نسبت اور خونی انتساب سے ہے اس لئے ہرانسان کے لئے ضروری ہے کہ اپنی آبائی نسبت یعنی "نسب" سے آگاہ ہو کیونکہ اقوام عالم ہر دور میں پاسِ نسب کرتی آئی ہیں اور پھر خود قرآن حکیم اور احادیثِ صحیحہ سے بھی اِس کی تائید و تصدیق ہوتی ہے سورۃ کہف کی اٹھائیسویں آیت میں دو یتیم بچّوں اور حضرت موسیٰ اور خضر علیہ السلام کے بلا اُجرت اُن کی اُس دیوار کے تعمیر کرنے کا تذکرہ، جس کے نیچے اُن کا مال مدفون تھا قرآن کی نص سے ثابت ہے تعمیر دیوار اور اُن یتیم بچّوں پر خصوصی عنایات کا سبب قرآن مجید نے اِن الفاظ میں بیان فرمایا ہے ﴿وَ كَانَ اَبُوْ هُمَا صَالِحا﴾ ترجمہ: اُن دو بچّوں کا باپ نیک انسان تھا۔

مشہور مفسّر علامہ شہاب الدین ابی الفضل السید محمود الالوسی بغدادی رحمتہ اللہ نے اپنی شہرہ آفاق تفسیر "رُوح المعانی" میں تحریر کیا ہے کہ وہ نیک آدمی ساتویں یا دسویں پُشت پہلے اُن دو بچّوں کا جدّ اعلیٰ تھا قرآن مجید میں مذکور اس واقعہ سے دو اُمُور ثابت ہوئے، ایک تو یہ کہ نیک اسلاف کی وفات کے بعد بھی اُن کے اخلاف و اعقاب کو اُن کی نیکیوں کا فائدہ پہنچایا گیا اور دُوسرے یہ کہ اللہ تبارک تعالیٰ نے باپ دادا کی شرافت اور اعمال صالحہ کے پیشِ نظر اُن دو بچّوں کا احترام اور لحاظ فرمایا۔

نسب پر قرآن و حدیث کے دلائل یہ ہیں:-

قرآن حکیم:-

قرآن مجید میں پاسِ نسب کا ذکر اِن الفاظ میں ملتا ہے:-

1- ﴿ وَالَّذِينَ اٰمَنُوا وَاتَّبَعَتهُم ذُرِّيَّتُهُم بِاِيمَانٍ اَلحَقنَا بِهِم ذُرِّيَّتَهُم وَ مَا اَلَتنٰهُم مِّن عَمَلِهِم مِّن شَيئٍ ﴾[1] ترجمہ: "جو لوگ ایمان لائے اور ایمان لانے میں ان کی اولاد نے بھی انکی پیروی کی تو ہم (آخرت میں) اُن کی اولاد کو اُن ہی کے ساتھ ملا دیں گے اور اُن کے عمل سے ہم کچھ کم نہ کریں گے۔

[1] سورۃ طور ۔ آیت 52

اس آیت کے ضمن میں علامہ شہاب الدین ابی الفضل السید محمود الالوسی بغدادیؒ نے اپنی معرکہ الآراء تفسیر " رُوح المعانی " میں متعدّد محدّثین و مفسرّین کے حوالے دے کر حضرت عباس کا ارشاد نقل کیا ہے کہ خداوند عالم، مومن کی اولاد کو بہشت میں اُس کے ہمراہ اُس کے درجہ و مقام میں رکھے گا تا کہ اُس مرد مومن کی آنکھیں اپنی اولاد کو دیکھ کر ٹھنڈی ہوتی رہیں۔

اس آیت سے یہ ثابت ہوا کہ مومن اولاد کو بہشت میں اس لئے ایک مقام و مرتبہ میں رکھا جائے گا کہ وہ ایک مومن انسان کی اولاد ہے گویا خدائے بزرگ نے بھی نسب کا پاس کیا اور یہ تو آیت کا صاف اور سیدھا ترجمہ ہے یعنی مومن اولاد پر ان الطاف و نوازشات کا مؤجب، صالح اسلاف سے خونی قربت کے سوا کچھ نہیں۔

2- ﴿ **يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّ اُنْثٰى وَ جَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّ قَبَآىِٕلَ لِتَعَارَفُوْا ؕ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ ؕ**[1] ﴾ ترجمہ: "اے لوگو! ہم نے تمہیں ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا اور پھر تمہارے خاندان اور قبیلے بنائے تا کہ تم ایک دوسرے کو پہچانو درحقیقت اللہ کے نزدیک تم میں سب سے زیادہ عزت والا وہ ہے جو تمہارے اندر سب سے زیادہ متقی ہے[2]"

اس آیت کریمہ کی رُو سے انسانوں کے مختلف نسب اور قبیلے خود اللہ تعالیٰ نے بنائے ہیں اور قرآن مجید میں انسانی معاشرہ کو قبیلوں اور شاخوں میں تقسیم کرنے کی حکمت / غرض و غایت آپس کی جان پہچان بتایا گیا ہے یہاں یہ عرض کرنا مناسب ہوگا کہ جو لوگ نسب کے شرف کو تسلیم نہیں کرتے وہ اسی آیت سے استدلال کرتے ہیں **اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ** : ترجمہ: "بلاشبہ اللہ کے نزدیک تم میں سے زیادہ عزت والا وہی ہے جو تم میں سے زیادہ متقی ہے۔" صاحب "روُح المعانی" اس آیت کی تفسیر میں علامہ مناویؒ و علامہ ابن حجرؒ کے حوالے سے تحریر فرماتے ہیں کہ نہ تو یہ آیت شرف نسب کے خلاف ہے اور نہ وہ احادیث ہی اس مضمون کے منافی ہیں جن میں نسب پر فخر کرنے سے منع فرمایا گیا ہے البتہ ہنود و یہود کی طرح

[1] سورۃ الحجرات، آیت 13 [2] سورۃ بقرہ کی ایک آیت 22 میں اہل تقویٰ کی یہ صفات بیان کی گئی ہیں کہ "لیکن نیکی یہ ہے کہ جو اللہ پر، قیامت پر، کتابوں پر اور نبیوں پر ایمان لایا اور مال کی محبت کے باوجود اُسے رشتہ داروں، یتیموں، مسکینوں، مسافروں، مانگنے والوں پر اور غلاموں کے آزاد کرنے میں خرچ کیا اور نماز پڑھی اور زکوٰۃ دی اور وعدہ کر کے وعدوں کو پورا کرنے والے ہیں اور سختی و تکلیف اور لڑائی میں صبر کرنے والے ہیں یہی ہیں جنہوں نے اپنے عہد کو سچ کر دکھایا اور یہی لوگ متقی ہیں"۔

نسب کی وجہ سے لوگوں پر تکبر کرنا اور کسی کو اپنے برابر نہ سمجھتے ہوئے ذلیل وحقیر خیال کرنا درست نہیں بطور تحدیث نعمت نسب ذاتی کے شرف کا اظہار خود آنحضرت ﷺ نے بھی فرمایا ہے آپ کا ارشاد ہے کہ "اللہ تعالیٰ نے اولاد اسماعیل سے کنانہ کو چنا لیا پھر انہیں قبائل میں تقسیم کیا تو مجھے قریش کے بہترین قبیلہ میں مبعوث کیا ❶ ۔۔۔ "

خلاصہ بحث یہ ہے کہ نسب کا شرف جاہلیت اور اسلام دونوں میں مُعتبر تسلیم کیا گیا ہے قرآن میں ہے ﴿ قُل' اِن' كَانَ لِلرَّحمٰنِ وَ لَدٌ فَاَ نَا اَوَّلُ ال'عٰبِدِ ینَ . ﴾ ❷ ترجمہ (یارسول اللہ) کہہ دے (ان کافروں سے) کہ اگر اللہ کا کوئی بیٹا ہوتا تو سب سے پہلے میں اس کی عبادت کرتا۔" گویا اللہ تعالیٰ کے فرزند کی عبادت اُس کے نسب کی وجہ سے ہوتی۔ یاد رہے لیکن اللہ کی ذات ایسی نہیں جس کا کوئی ہمسر اور جس کا کوئی کفو ہو بطور شرط کے جو کلام وارد ہوا ہے اس کا وقوع ضروری نہیں بلکہ امکان بھی ضروری نہیں جیسے سورۃ الزمر میں فرمان ہے کہ

﴿ لَو' اَ رَادَ اللهُ اَن' یَّتَّخِذَ وَلَدَ ا لاَّ صطَفٰیٰ مِمَّا یَخلُقُ مَا یَشَا ءُ ﴾ ❸ ترجمہ: "اگر اللہ کا ارادہ اولاد کا ہوتا تو وہ اپنی مخلوق میں سے جسے چاہتا چن لیتا لیکن وہ تو پاک ہے۔"

3-﴿ وَ هُوَ الَّذِ یْ خَلَقَ مِنَ المَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَه نَسَباً وَ صَهرًا ؕ ﴾ ❹ ترجمہ: "اور اللہ وہی ہے جس نے پانی سے آدمی پیدا کیا؛ پھر اُس کے لئے نسب اور سسرال مقرر کئے "

اس آیت کریمہ کی رو سے اگرچہ پوری نوع انسانی ایک ہی خالق کی مخلوق ہے اور اس اعتبار سے ایک دوسرے کے مساوی ہے، مگر " نَسَبــــاً " کا لفظ یہ بتا رہا ہے کہ اس نوع انسانی کو الگ الگ خاندان، نسب اور قبائل میں تقسیم کر دیا گیا، تاکہ اُس کی خونی قُربتوں کے شعوُر یگانگت پر غیر نسبی دُوریوں کے "احساسات بیگانگی" اثر انداز نہ ہونے پائیں، مگر آیت بالا میں وہ تعارفی مفہوم نہیں، بلکہ مُطلقاً یہ بات ہے کہ ہم نے انسان کو پانی سے پیدا کیا اور پھر اُسے ایک مخصوص اِنتساب اور نسب بھی عطا کیا اور یہاں یہ بات واضح کر دی گئی کہ " نسب" اللہ تعالیٰ کی نعمت عظمٰی ہے اور اس کو اس آیت کریمہ میں بطور امتنان کے ذکر فرمایا گیا ہے۔

❶ مشکوۃ شریف، جلد دوم ❷ سورۃ زخرف، آیت 81 ❸ سورۃ الزمر، آیت 4 ❹ تفسیر ابن کثیر جلد 5

حدیث شریف:-

خَاتَمُ الرُّسُل حضور محمّد مصطفٰی احمد مجتبیٰ ﷺ کے نسب اطہر واقدس کی عظمت وفضیلت اظہر مّن الشمس ہے، آپ ﷺ نے ایک جگہ ارشاد فرمایا:-

نبی کریم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں" میں کون ہوں؟ صحابہ نے عرض کیا آپ اللہ کے رسول ہیں۔ پھر آپ نے فرمایا میں محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلّب ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے مخلوق پیدا کی تو مجھے بہترین مخلوق (انسانوں) میں پیدا کیا۔ پھر اُس نے اس کی دو جماعتیں بنائیں تو مجھے بہترین جماعت میں کیا پھر انہیں قبائل میں تقسیم کیا تو مجھے قریش کے بہترین قبیلہ میں مبعوث کیا۔ ﴿ **ثُمَّ جَعَلَهُمْ بُيُوْتًا فَجَعَلَنِىْ فِىْ هِمْ بَيْتاً فَا نَا خَيْرُ هُمْ نَفساً وَ خَيْرُ هُمْ نَفسًا وَ خَيْرُ هُمْ بُيتًا** ﴾ پھر انہیں گھروں میں بانٹا تو مجھے بہترین گھر میں کیا۔ سو میں بہترین شخص ہوں اور بہترین گھر والا ہوں[1] "

ایک دوسری حدیث مبارکہ میں آیا ہے کہ رسالت مآب ﷺ نے فرمایا" میں محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلّب بن ہاشم بن عبدالمناف بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوئی بن غالب بن فہر بن مالک بن نصر بن کنانہ بن حزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان ہوں۔ جب لوگ دو جماعتوں میں بٹے تو اللہ تعالیٰ نے مجھے ان میں بہترین جماعت میں کیا۔ سو میں اپنے والدین کے گھر اس حال میں پیدا ہوا ہوں کہ مجھے عہد جاہلیت کی کوئی شے نہیں پہنچی میں نکاح کے ذریعہ سے پیدا ہوُا ہوُں اور آدم علیہ اسلام سے لے کر میں کبھی بدکاری کے ذریعہ سے پیدا نہیں ہوا ہوں یہاں تک کہ میں اپنے ماں باپ تک پہنچا ﴿ **فَاَنا خَيرُ كُم نَسَباً وَ خَيرُ كُم اَبّاً** ﴾ سو میں بحثییت "نسب" کے تم سے بہتر ہوں اور بحیثیت باپ دادا کے تم سے بہتر ہوں"

ایک دوسری روایت میں رسالت مآب ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ:-

﴿ **كُلُّ سَبَبٍ مُنقَطِعُ يَوْمَ الْقِيَامَة اِلَّا سَبَبِىْ وَ نَسَبِىْ** ﴾[2] ترجمہ: "ہر سبب اور نسب قیامت کے دن منقطع ہوگا سوائے میرے سبب اور نسب کے "

[1] مشکوٰۃ، جلد دوم [2] الصّواعق المحر

"ممانعت تبدیلی نسب" اور "محافظت نسبِ" کا ثبوت:

شرع شریف نے نسب کی محافظت و تعلیم کا حکم دیا ہے اس لئے نسب بدلنا اور اپنے باپ دادا کو چھوڑ کر دوسروں کو اپنا آبا و اجداد بنا لینا از روئے شرع گناہ کبیرہ اور سخت حرام ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:-

﴿ وَ مَا جَعَلَ اَدْعِيَآءَ كُمْ اَبْنَآءَ كُمْ ط ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِاَفْوَا هِكُمْ ط وَ اللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقّ وَ هُوَ يَهدِى السَّبِيْل اُدْعُوْ هُمْ لِاٰبَآءِ هِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَاللّٰه ج فَاِنْ لَّمْ تَعلَمُوْا اٰبَآءَ هُمْ فَاِ خْوَانُكمْ فِي الدِّيْنِ ط ﴾❶

ترجمہ: "اور نہ اس نے تمہارے منہ بولے بیٹوں کو تمہارا حقیقی بیٹا بنایا ہے یہ صرف تمہارے منہ کی باتیں ہیں اور اللہ تعالیٰ سچی بات کہتا ہے اور ہدایت دیتا ہے سیدھی راہ پر چلنے کی اور منہ بولے بیٹوں کو ان کے باپوں کی نسبت سے پکارو۔ یہ زیادہ قرین انصاف ہے اللہ کے نزدیک اگر تمہیں علم نہ ہو ان کے باپوں کا تو پھر وہ تمہارے دینی بھائی ہیں اور تمہارے رفیق ہیں۔"

تمام علماء تفسیر کا اس پر اتفاق ہے کہ یہ آیت حضرت زید بن حارثہ کے حق میں نازل ہوئی یہ شام کے باشندے تھے تہامہ کے چند سواروں کا ادھر سے گذر ہوا، یہ ابھی بچے ہی تھے اُنھوں نے اِنہیں پکڑ لیا اپنے ساتھ لائے اور انہیں فروخت کر دیا۔ حکیم بن حزام بن خویلد نے جو اُمّ المؤمنین خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے بھتیجے تھے انہیں خرید لیا اور خرید کر اپنی پھوپھی صاحبہ کو تحفۃً پیش کیا اُمّ مؤمنین نے زید کو حضور ﷺ کی خدمت میں بطور ہدیہ پیش کیا۔ حضور ﷺ نے انہیں آزاد کر دیا اور اپنا متبنّٰی بنا لیا۔❷

حارث اپنے بھائی کے ہمراہ بچّے کو تلاش کرتا ہوا مکہ آیا اور یہاں اپنے نور نظر کو دیکھ کر خوشی کی کوئی حد نہ رہی۔ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ یہ بچہ ہمارا ہے اس کا فدیہ لے لیجیے اور اسے ہمارے ساتھ جانے کی اجازت دیجیے نبی کریم ﷺ نے فرمایا اگر یہ بچہ تمہارے ساتھ جانا چاہے تو کوئی فدیہ لیے بغیر اسے تمہارے ساتھ جانے کی اجازت دی جائے گی تم اسے اختیار دے دو۔ چاہے یہاں رہے یا اپنے وطن لَوٹ جائے۔ اُنہوں نے زید رضی اللہ عنہ کو اختیار دے دیا۔ خوش بخت زید نے اپنے وطن واپس جانے پر نبی کریم ﷺ کی غلامی کو پسند کر لیا۔ نبی کریم ﷺ نے بھی از راہ بندہ پروری زید کو اپنا متبنّٰی بنا لیا اس

❶ سورۃ الاحزاب، آیات 4-5 ❷ تفسیر ضیاء القرآن

روز کے بعد زید کو زید بن حارثہ کے بجائے زید بن محمد ﷺ کہا جانے لگا۔

قرآن کریم کی اس آیت کے نزول کے بعد اس حکم کی تعمیل میں سب سے پہلے جو اصلاح نافذ کی گئی وہ یہ تھی کہ نبی کریم ﷺ کے منہ بولے بیٹے حضرت زیدؓ کو زید بن محمد کی بجائے ان کے حقیقی باپ کی نسبت زید بن حارثہ کہہ کر پُکارا جانے لگا❶ اور بتا دیا گیا کہ کسی کے بیٹے کو اپنا بیٹا کہہ دینے سے وہ حقیقت میں تمہارا بیٹا نہیں بن جاتا۔مزید برآں ان آیات کے نزول کے بعد یہ حکم جاری ہو گیا کہ کوئی بھی شخص اپنے حقیقی باپ کے سوا کسی اور کی طرف اپنا نسب ہرگز منسوب نہ کرے بلکہ یہ حکم دیا کہ جب انہیں بلاؤ تو ان کو ان کے حقیقی باپوں کی نسبت سے بلاؤ۔انہیں ان لوگوں کا بیٹا کہہ کر مت پکارو جنہوں نے انہیں متبنّٰی بنایا ہے،اور اگر تمہیں ان کے حقیقی باپوں کا علم نہیں ہے،تو پھر وہ تمہارے دینی بھائی ہیں انہیں بھائی یا رفیق کہہ کر پکارو۔

اس موقع پر یہ بات بھی یاد رکھنی چاہئے کہ جب معاشرے میں کوئی رواج اچھی طرح جڑ پکڑ لیتا ہے تو محض بات کے ذریعے اسے مٹانا یا اس میں تبدیلی لانا اکثر اوقات ممکن نہیں ہوا کرتا بلکہ جو شخص اس کے خاتمے یا تبدیلی کا داعی ہو اس کا عملی نمونہ موجود رہنا بھی ضروری ہو جاتا ہے۔اس لئے متبنّٰی کا جاہلی اصول عملی طور پر توڑنے کے لئے آپ ﷺ کا نکاح آپ ﷺ کے منہ بولے بیٹے حضرت زید رضی اللہ عنہ کی مطلّقہ سے کرایا گیا۔❷

حضور ﷺ کی بہت سی احادیث ملتی ہیں جس میں آپ ﷺ نے اپنے نسب کی حفاظت کا حکم دیا ہے۔اور اس بات سے سختی سے روک دیا کہ کوئی شخص دانستہ اپنے آپ کو کسی غیر کا بیٹا کہے بلکہ ایسا کرنے سے سختی سے منع فرمایا ہے:-

بخاری و مسلم اور ابوداؤد نے حضرت ابی وقاص کی روایت نقل کی ہے کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے۔﴿ مَنِ ادّٰعیٰ اِلیٰ غَیُرِ اَبِیهِ وَ هوَ یَعلَمُ اَنّٰه غَیُرِ اَبِیه فَا لُجنّتهُ عَلَیهِ حَرَامُ ط﴾ ❸

ترجمہ: "جس نے اپنے آپ کو اپنے باپ کے سوا کسی اور کا بیٹا کہا حالانکہ وہ جانتا ہو کہ وہ اس کا باپ نہیں ہے،اس پر جنّت حرام ہے"

❶ تفہیم القرآن ❷ سیرت النبی ﷺ ❸ بخاری و مسلم

ایک دوسری روایت میں آیا ہے کہ رسالت مآب ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ ﴿ مَنِ ادَّعیٰ اِلیٰ غَیرِ اَ بِیہِ اَوْ تَوَلیٰ غَیرِ مَوَالِیہِ فَعَلَیْہِ لَعنَۃُ اللّٰہ وَالْمَلائکہ وَ اَلنَّاسِ اَجْمَعِیْن ﴾ ترجمہ: "جوشخص اپنے باپ کے غیر سے اپنے نسب کا دعویٰ کرے یا اپنے موالی کے غیر کے لئے ولاء ثابت کرے تو اس پر اللہ، فرشتوں اور تمام انسانوں کی لعنت ہے [1]"۔

کسی کو پیار سے بیٹا کہہ دینے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے اسی طرح ماں، بیٹی، بہن، بھائی وغیرہ الفاظ بھی اگر کسی کے لئے محض اخلاقاً استعمال کر لئے جاہیں تو کوئی گناہ نہیں لیکن اس ارادے سے یہ بات کہنا کہ جسے بیٹا یا بیٹی وغیرہ کہا جائے اس کو واقعی وہی حیثیت دے دی جائے جو ان رشتوں کی ہے، اور اس کے لئے وہی حقوق ہوں جو اِن رشتے داروں کے ہیں، اور ان کے ساتھ ویسے ہی تعلقات ہوں جیسے ان رشتے داروں کے ساتھ ہوتے ہیں یہ یقیناً قابل اعتراض اور اس پر قیامت کے دن گرفت ہوگی۔

اسی مضمون کی دوسری روایات بھی احادیث میں ملتی ہیں جس میں اس فعل کو سخت گناہ و حرام قرار دیا گیا ہے کہ کوئی شخص اپنے حقیقی باپ کے سوا کسی اور کی طرف اپنا نسب منسوب کرے۔ ترجمہ: "جوشخص اپنے باپ کے غیر سے اپنے نسب کا دعویٰ کرے یا اپنے موالی کے غیر کے لئے ولاء ثابت کرے تو اس پر اللہ، فرشتوں اور تمام انسانوں کی لعنت ہے [2]"۔ تو پھر حیف ہے کہ ہم اللہ اور اس کے رسول کی شریعت کو چھوڑ کر اپنی خواہشات کی پیروی میں لگ جاہیں اور اپنے دوستوں کو خوش کرنے کے لئے، اعلیٰ حکام کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے، ہم کسی کی اولاد کو اپنا بیٹا کہہ کر، اپنے نبی پاک اور اللہ تعالیٰ کی اطاعت سے سرتابی کریں اور اگر کوئی کسی کی اولاد کو اپنا بیٹا کہہ کر، نبی پاک اور اللہ تعالیٰ کی اطاعت سے سرتابی کر رہا ہو تو اسے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد سے رہنمائی حاصل کرنی چاہئے ﴿ اُدْعُوْھُمْ لاَ بَآءِ ھِمْ ھُوَاَقسَطُ عِنْدَاللّٰہِ ﴾ [3] ترجمہ: "انہیں ان کے باپ کا ہی کہہ کر پکارو یہ اللہ کے نزدیک زیادہ ٹھیک بات ہے۔"

[1] حدیقہ ندیہ [2] خطبہ حجتہ الوداع [3] سورت احزاب، آیت 5

محافظت نسب:۔

* ﴿ تَعَلَّمُوْا مِنْ اَنسَا بَكُمْ ما تَصِلُوْ نَ بِهٖ اَرحَامَكُمْ فَاِنَّ صِلَةَ الرَّحمِ مُحَبَّةٌ فِي الْاَهْلِ مُترَّ راة فِي الْمَال وَ مِنْسَاةٌ فِي الْاٰثر ﴾❶ "تم ان رشتوں کا علم سیکھو جن کا جوڑ نا تم پر واجب ہے کیونکہ صلہ رحمی خاندان میں محبت، مال میں کثرت اور عمر میں درازی پیدا کرتی ہے۔"

اور عارف باللہ سیدی عبدالغنی نابلسی فرماتے ہیں۔﴿فَاِنَّ اللّٰهَ شَرَعَ لِاَ جْلِ الْمُحَافِظَة عَلىٰ النَّسَبِ اَحْكَاماً مِنهَا صِلَةُ الرحمِ وَ مِنهَا نَفقَةُ الْقَرِيْبِ وَ مِنهَا الْمِيرَاث وَ مِنهَا حَقُّ الْمُطَالَبَةِ فِیْ حَدِّ الْقَذفِ وَ مِنهَا وَجُوب الْبِرِّ فِی الْاَ بَوَيْنِ ﴾❷

ترجمہ: "یعنی اللہ تعالیٰ نے نسب کی محافظت کے لئے نسب پر بہت سے احکام کی بنا رکھی ان احکام مبنی علی النّسب میں چند یہ ہیں۔صلہ رحمی، قریبی رشتہ دار، محتاج عن الکسب کے نفقہ کا وجوب، میراث، حدّ قذف میں مطالبہ، حد کا حق اور والدین سے حسنِ سلوک۔"

ان ارشادات ربّانی ونبویہّ سے اس موضوع پر اب مزید دلائل کی ضرورت نہیں کیونکہ ان ارشادات ربّانی ونبویہّ سے بخوبی معلوم ہوتا ہے کہ

* نہ اس نے تمہارے منہ بولے بیٹوں کو تمہارا حقیقی بیٹا بنایا ہے؛ اور جو شخص اپنا باپ تبدیل کرتا ہے حالانکہ وہ جانتا ہے نہیں ہے تو وہ شرعاً سخت حرام کا مرتکب اور واحب گناہ کبیرہ کا مرتکب ہوا ہے۔

* تحدیثِ نعمت کے طور پر اپنے نسب کی خوبیاں بیان کرنا اور اپنا نسب نامہ اکیس (21) پشتوں تک روایت کرنا سنّت مصطفیٰ ہے لیکن نسبی تفاخر کا اظہار مستحسن نہیں❸ جیسا کہ ترمذی کی ایک روایت کے مطابق حضور علیہ السلام نے فرمایا ہے﴿ اَنَا سَيِّدُ وُلْد اٰدمَ وَّلَا فَخر ﴾❹ ترجمہ: "میں اولادِ آدم کا سردار ہوں مگر یہ بات فخر سے نہیں کہتا۔" اور جو لوگ شجرہَ نسب کو فضول سمجھتے ہیں انہیں یہاں غور کرنا چاہیے۔

﴿ وَاللّٰهُ يَهْدِی مَنْ يَّشَآءُ اِلىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴾

❶ مشکوۃ شریف جلد دوم ❷ حدیقہ ندیہ، ص210، جلد دوم ❸ نسبتوں کا احترام جبکہ صاحب نسبت کو تقوی وطہارت کی عملی تصویر پیش کرنی چاہئے یہی﴿ وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّ قَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ ﴾ کا مفہوم ہے

❹ مشکوۃ شریف

لفظِ " قُرَیش" کی وجہ تسمیہ

لُغت کی کتابوں میں لفظ "قُرَیش" (Qurysh) کے بہت سے معانی لکھے ہیں چنانچہ بعض آئمہ نحو نے کہا ہے کہ "قُرَیش" حرم میں جمع ہوا کرتے تھے اِس لئے اُن کا یہ نام پڑ گیا اِسی سے تَقَرَّشَ الْقَوْمُ ہے، یعنی لوگ اکٹھے ہوئے۔ بعض نے کہا کہ وہ سامان تجارت کے خریدنے میں پہل کرتے تھے، اِس لئے "قُرَیش" کہلائے کیونکہ تَقَرَّشَ کے معنٰی سامان تجارت کو پہلے خریدنے کے ہیں۔

بعض نے کہا نصر بن کنانہ ("قُرَیش کے جدّ امجد) ایک دن کپڑے میں سمٹ گئے، اِس لئے اُن کا نام "قُرَیش" پڑ گیا۔ بعض نے کہا کہ " قریش" کو جمع کرنے والا "قُصَیّ بن کلاب" تھا اسی وجہ سے "قُصَیّ" کو مُجَمِّعٌ "جمع کرنے والا" کا لقب دیا گیا بعض نے کہا کہ "نَصرَ" کے پوتے "فِہر" اور اس کی اولاد عرب میں سب سے زیادہ طاقتور تھی طاقتور خاندان ہونے کی وجہ سے یہ خاندان بھی "قُرَیش" کہلانے لگا۔

بعض نے کہا کہ وہیل مچھلی کو بھی "قُرَیش" (Qurysh) کہتے ہیں کیونکہ وہ سمندر میں اللہ کی سب سے قوی مخلوق (مچھلی) ہے۔

الشیخ محقق حضرت "عبدالحق محدّث دہلوی" لفظ "قُرَیش" کے سلسلے میں لکھتے ہیں۔

"اور "قُرَیش" عرب کا ایک قبیلہ ہے دراصل یہ نصر بن کنانہ کے لڑکے کا نام تھا پھر اس کی وجہ سے خاندان کا نام پڑ گیا اور دراصل دریائی "مچھلی" میں سے ایک قوی ترین مچھلی کو "قُرَیش" کہا جاتا ہے اور یہ بھی کہتے ہیں کہ دریا میں ایک مچھلی ہوتی ہے، جو دوسری مچھلیوں کو کھا جاتی ہے اور کوئی مچھلی اُس پر غلبہ نہیں پا سکتی، اِس کے علاوہ بھی اِس کے معنٰی ہیں، مگر مشہور یہی ہے، جو کہا گیا۔" ❶

مولانا سید ابو اعلیٰ مودودی اپنی کتاب سیرت سرور عالم ﷺ میں لفظ "قُرَیش" کی تحقیق کے ضمن میں لکھتے ہیں کہ

* "قُرَیش" سمندر کی ایک بڑی مچھلی کا نام ہے جو ہر چیز کھا جاتی ہے، گویا "قُرَیش" نے اپنے اندر تمام قبائل کو جذب کر لیا تھا۔

❶ اَشِعَّۃُ اللّمعات شرح مشکوٰۃ شریف (مؤلفہ شیخِ حضرت عبدالحق محدّث دہلوی)

* دوسرے معنی پراگندہ ہونے کے بعد جمع ہونے کے ہیں۔مگر اس معنی کے لحاظ سے "قُرَیش" "قُصَیّ بن کلاب" کا لقب ہوسکتا ہے کیونکہ اُسی کے زمانے میں "قُرَیش" کے تمام خاندان مکہّ مکرمہ میں جمع ہوئے تھے۔

* تیسرے معنی "تجارت" کے ہیں جو "قُرَیش" کا پیشہ تھا۔

** ایک اور قول یہ بھی ہے کہ "قُرَیش" نصر بن کنانہ میں سے ایک شخص تھا جو اپنے قبیلہ کے قافلوں کے لئے نگرانی اور رسد رسانی کا انتظام کرتا تھا۔اس لئے عرب اس قبیلہ کے قافلہ کو دیکھ کر کہتے تھے کہ "قُرَیش" کا قافلہ آ گیا ہے۔

* ایک اور معنی "دیکھ بھال" کے ہیں۔اس لحاظ سے "قُرَیش" نصر بن کنانہ کا لقب قرار پاتا ہے کیونکہ اس کے متعلق عرب روایات میں منقول ہے کہ وہ حاجت مندوں کی حاجات کا خیال رکھتا تھا اور ان کی مدد کرتا تھا۔[1]

بہر کیف ان پانچوں معانی کے اعتبار سے "قُرَیش" اسم بامُسَمّٰی ہیں اور یہ تمام خوبیاں اور خصائص "قُرَیش" خاندان میں موجود ہیں۔گویا ان تمام معانی کے لئے "قُرَیش" ایک جامع لفظ ہے۔

[1] سیرت سرور عالم ﷺ

"خاندانِ قُرَیش" قرآن واحادیث کی روشنی میں

حضرت اسماعیل علیہ اسلام نے " آل جرہم " کی ایک خاتون سے شادی کی اور اللہ تعالیٰ نے اُنہیں 12 بیٹے عطا فرمائے جن میں سے ایک کا نام "قیدار" تھا۔اسی "قیدار" کی اولاد میں سے "عدنان" تھا جن کے نام پر اولاد اسماعیل علیہ اسلام کی ایک شاخ "بنو عدنان" کہلاتی ہے اس "عدنان" کے بیٹے "معد" کی اولاد سے "نصر بن کنانہ" تھا جس کے لقب سے خاندانِ "قُرَیش" منسوب ہے۔

قریش کی نسل میں دس شخصوں نے اپنے زور لیاقت سے بڑاامتیاز حاصل کیا،اور ان کے انتساب سے دس جدنا مور خاندان بن گئے یعنی "ہاشم،اُمیہّ،نوفل،عبدالدّار،اسد،تمیم،مخزوم،عدی،جمح،سہم"

سیدنا عمر فارُوق رضی اللہ تعالیٰ عنہ "قُرَیش بنوعدی" کی اولاد سے ہیں،"عدی" کے دوسرے بھائی" مرّۃ " تھے، جو رسول اللہ ﷺ کے اجداد سے ہیں اس لحاظ سے سیدّ ناعُمرَ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا سلسلہ نسب رسول اللہ ﷺ سے آٹھویں پشت میں جا کر ملتا ہے۔اور یہ بات قُرَیشیوں کے لئے باعث فخر تو ہے ہی کہ حضور ﷺ "قُرَیش "سے ہیں مگر آپ ﷺ کے لئے آپ ﷺ کا اپنا منصب ہی باعث اختصاص وامتیاز ہے آپ ﷺ کو کسی دوسرے سہارے اور انتسابی شرف کی حاجت نہیں۔

"قُرَیش" کو دیگر قبائل عرب میں علم و فضل، وفا شعاری، شرافت وشجاعت وتجارت اور اخلاقی اقدار کی وجہ سے دیگر اقوام پر جو شرف حاصل تھا اس کا اندازہ اس بات سے بھی لگایا جا سکتا ہے کہ قرآن حکیم میں ایک پوری سورت "قُرَیش " کے بارے میں نازل ہوئی یعنی "سورۃ قُرَیش"۔

﴿لِاِ یلٰفِ قُرَیش﴾

بعض روایات میں " قُرَیش " کے فضائل کے دیگر اسباب میں یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ "قُرَیش" کے علاوہ سارے قرآن میں کوئی سورت کسی قبیلے یا خاندانی نام پر نہیں نازل ہوئی۔

مشہور فقیہ علامہ شہاب الدّین احمد بن محمد ابن حجرؒ فضائل قُرَیش کے سلسلے میں "طبرانی" کی ایک روایت نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔"اور بنی اکرم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے "قُرَیش" کو اُن سات باتوں کی وجہ سے فضیلت بخشی جو اُن سے پہلے کسی کو عطا نہ کی گئی ہیں اور نہ ان کے بعد کسی کو عطا کی

جائیں گی۔ پہلی یہ کہ میں ان میں ہوُں دوسری یہ کہ نبوت ان میں ہے۔ تیسری یہ کہ کعبہ کی خدمت، ان میں ہے چوتھی یہ کہ زمزم کا پانی پلانا، ان میں ہے۔ پانچویں یہ کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں ہاتھیوں والے ابرہہ پر فتح بخشی[1] چھٹی یہ کہ انھوں نے دس سال اللہ کی عبادت کی حالانکہ اس عرصہ میں ان کے کسی غیر نے اللہ کی عبادت نہ کی اور ساتویں یہ کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی شان میں قرآن حکیم میں ایک قرآنی سورت سورۃ القُرَیش نازل کی جس میں ان کے غیر کو ذکر نہ فرمایا یعنی سورۃ ﴿لِاِ یلفٰ قُرَیش﴾[2]

قرآن مجید میں قُرَیش کا جو مقام بیان کیا گیا اور اللہ ورسول کے نزدیک جو اُن کا مرتبہ ہے، اُس میں دنیا کا کوئی فردشریک نہیں اور یہ اُن پر محض اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم کا نتیجہ ہے۔

اس موضوع پر رسالت مآب ﷺ کے متعدّد ارشادات، کتب احادیث میں موجود ہیں۔ جس میں آپ ﷺ نے "خاندانِ قُرَیش" کی بعض خصوصیّات اور کارناموں کی بنا پر نہ صرف یہ کہ تعریف فرمائی، بلکہ اُن کے حق میں دُعائیہ کلمات بھی ارشاد فرمائے۔ چنانچہ "خاندانِ قُرَیش" کے متعلق صحاح ستّہ کے علاوہ دیگر کُتب احادیث میں "خاندانِ قُرَیش" کی تعریفی اور امتیازی فضائل کی تفاصیل کو دیکھا جاسکتا ہے یہاں خاندانِ قریش کی عظمت پر آپ ﷺ کی صرف چند احادیث بطور مثال پیش کی جارہی ہیں

* مسلم شریف کی ایک روایت ہے کہ رسالت مآب ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ﴿عن واثلةِ بن الاسقع قال سمعتُ رسولَ اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم یقول اِنّاللّٰہ اصطفیٰ کنانةَ من وُلدِ اسماعیلَ واصطفیٰ قُریشاً من کنانةَ واصطفیٰ من قُرَیشِ بنی ھاشمٍ واصطفانی مِنْ بَنِیْ ھـــاشـــمٍ﴾ ترجمہ: "اللہ تعالیٰ نے اسماعیل علیہ اسلام سے "کنانہ" کو چن لیا، اور پھر کنانہ میں سے "قُرَیش" کو اور قُرَیش سے بنی ہاشم کو اور بنی ہاشم میں سے مجھے چن لیا یعنی فضیلت دی[3]"۔

* "قُرَیش اللہ تعالیٰ کا منتخب خاندان ہے سو جو کوئی اس سے جنگ چھیڑے وہ شکست کھاتا ہے۔ اور جو کوئی انہیں تکلیف رسانی کا ارادہ کرے وہ دنیا اور آخرت میں ذلیل ہوتا ہے[4]"۔

* ﴿اَحِبّوْا قُرَیْشًا فَاِنَّہٗ مَنْ اَحَبَّھُمْ اَحَبَّہُ اللّٰہ﴾ ترجمہ: "قُرَیش" سے محبت رکھو کہ جو اُن سے محبت رکھے۔ اللہ تعالیٰ اس سے محبت رکھتا ہے[5]"

❶ واقعہ فیل ❷ الصّواعق المحرقہ ❸ مسلم شریف ❹ جامع صغیر ❺ مشکوٰۃ شریف

* عن سعدٍؓ عن النّبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال منِ یَردُ ھوانَ قریشَ اھانہ اللّٰہ

ترجمہ:"حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص "قُریش" کی ذلت کا ارادہ کرے گا، اللہ تعالیٰ اُسے ذلیل کرے گا ❶"۔

* حضور ﷺ فرماتے ہیں۔"بلاشبہ قُریش امانت دار ہیں جو کوئی ان کی غلطیاں تلاش کرے اللہ تعالیٰ اسے نتھنوں کے بل گراتا ہے ❷"۔

* ﴿ حُبُّ قُرَیْشِ اِیْمَانُ وَّ بُغْضُھُمْ کُفُر ﴾ ترجمہ:"قُریش کی محبت ایمان اور اُن سے بُغض وعناد رکھنا کفر ہے ❸"۔

* ﴿ اَنَّ لِلْقَرْشِیّ مِثْل ُ قُوَّۃِ الرَّجُلَیْنِ مِنْ غَیْرِ قُرَیْشِ ﴾ ترجمہ:"بلاشبہ "قُریشی" شخص میں دو غیر "قُریشی" شخصوں جتنی قوت ہوتی ہے ❹"۔

* ﴿ قُرَیْشُ صَلَاحُ اُلنَّاسِ وَلَا تَصْلُحُ النَّا سُ اِلَّا بِھِمْ ﴾ ترجمہ:قُریش لوگوں کی درستی ہیں لوگ صرف انہی کی وجہ سے درست ہوں گئے "۔

حضرت عُمر فارُوق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا خاندانِ "قُریش بنوعدی" قُریش میں شامل ہے اس لئے ان کے لئے وہ تمام فضائل ثابت ہیں جو گزشتہ احادیث مبارکہ میں مذکور ہیں اور حقیقت تو یہ ہے کہ قریش کو یہ شرف حضور ﷺ کے وجود اطہر کے طفیل ملا۔ بہرحال "قُریش" اِسے اپنی خوش بختی سمجھیں کہ غیب سے یہ سعادت وشرف اُن کے حصّے میں آ گئے۔

ان ارشادات ربانی و احادیث مبارکہ پر مسلمان غور کریں اور نسبتوں کا احترام رکھیں جبکہ صاحب نسبت "فارُوقی قُریشیوں" کو بھی ﴿ اِنّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتقٰکُمْ ﴾❺ کے پیش نظر صاحب کردار ہونا چاہئے۔

❶ مشکوٰۃ شریف جلداول ❷ جامع صغیر ❸ مشکوٰۃ شریف ❹ جامع صغیر ❺ سورۃ الحجرات، آیت 13

باب دوم

* مقامِ سیّدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ

مقامِ سَیّدنا فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ

"اگر میرے بعد کسی کو نبوت ملتی تو عُمرؓ بن خطّاب کو ملتی"۔❶

"زندگی کی تمام نعمتیں امیر المؤمنین حضرت سَیّدنا فاروق اعظمؓ کے قدموں میں تھیں لیکن سَیّدنا فاروق اعظمؓ نے انہیں ٹھکرا دیا اور اپنے اسی استغناء کی وجہ سے عدل وانصاف کی ایک جیتی جاگتی تصویر بن گئے وہ صرف اللہ سے ڈرتے تھے اور اس کے سوا کسی کی خوشنودی نہ چاہتے تھے۔اللہ تعالیٰ کا یہ خوف اور اس کی رضا جوئی کا جذبہ ان میں بڑا شدید تھا وہ جانتے تھے کہ مسلمانوں کی خلافت وامامت کا ان سے محاسبہ کیا جائے گا❷

ولادت: مشہور روایات کے مطابق امیر المؤمنین سَیّدنا عُمرؓ فارُوق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہجرت نبوی سے 40 سال قبل پیدا ہوئے۔حافظ ابن عساکر نے تاریخ دمشق میں عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زبانی روایت نقل کی ہے۔کہ ایک رات عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خطّاب کے مکان کی روشنیاں سی نظر آئیں۔پوچھنے پر معلوم ہُوا کہ خطّاب کے گھر لڑکا پیدا ہُوا ہے یہی لڑکا عُمرؓ ابن الخطّاب تھا۔❸

نام ونسب: حضرت سَیّدنا فارُوق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نام عُمرؓ، کنیت ابوحفص اور لقب فارُوق تھا۔ والد کا نام خطّاب اور والدہ کا نام حَنتَمہ بنت ہاشم بن المغیرہ بن عبداللہ بن عمر بن مخزوم تھا۔جو قُریش فوج کے سپہ سالار کی بیٹی تھیں"محمد بن سعد طبری"طبقات کبریٰ میں سَیّدنا فارُوق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا پورا شجرۂ نسب اس طرح بیان کیا ہے:۔

"عُمرؓ بن خطّاب بن نفیل بن عبدالعزیٰ بن ریاح بن عبداللہ بن قرط بن زراح بن عدی بن کعب"۔❹

حلیہ: مشہور سیرت نگار ابن سعد حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہا کی روایت سے بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے اپنے والد سیدنا فاروق اعظمؓ کا حلیہ شریف اس طرح بیان فرمایا کہ سَیّدنا فاروق اعظمؓ کا رنگ گورا سرخی مائل، سر کے بال سفید، سر کے اگلے حصے میں کچھ بال گرے ہوئے تھے اور بائیں ہاتھ سے کام کرنے والے تھے اور اپنی درازی قامت کی وجہ سے لوگوں میں کھڑے ممتاز اور نمایاں نظر آتے تھے۔بڑے ڈیل ڈول کے مرد تھے، رخسار ہلکے پھلکے تھے، زیادہ تر سنجیدہ وباوقار رہتے تھے۔آپ اپنے بائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے تھے❺

❶ ترمذی شریف ❷ حضرت سَیّدنا عُمر فارُوق (محمد حسین ہیکل) ❸ تاریخ دمشق (حافظ ابن عساکر)❺۔❹ طبقات ابن سعد

مزاج: امیر المومنین سیّدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ مزاج طبعاً تند وتیز تھے اور اس کی وجہ یہ تھی کہ سیّدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ حق پرست اور حق گو انسان تھے۔ سیّدنا فاروق اعظمؓ خود فرماتے ہیں کہ "اللہ کی قسم، میرا دل اللہ تعالیٰ کے بارے میں جب نرم ہوتا ہے تو جھاگ سے بھی زیادہ نرم ہو جاتا ہے اور جب سخت ہوتا ہے تو پھر پتھر سے بھی زیادہ سخت ہو جاتا ہے۔[1]"

ابتدائی زندگی: آپ کے بچپن اور لڑکپن کا دور قریش کے عام آدمیوں کی طرح گزرا۔ آغاز شباب ہوا تو سیّدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے شرفائے عرب کے پسندیدہ مشاغل نسب دانی، سپہ گری، شہسواری، پہلوانی اور خطابت کو اپنایا اور سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان میں کمال حاصل کیا اسی زمانے میں سیّدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے لکھنا پڑھنا بھی سیکھ لیا تھا۔

علامہ بلاذری نے لکھا ہے " کہ رسول ﷺ مبعوث ہوئے تو قریش کے تمام قبیلے میں 17 آدمی تھے جو لکھنا جانتے تھے، ان میں سے ایک عُمَرَ بن خطّابؓ تھے۔[2]"

شعر و شاعری کی نسبت اگرچہ ان کی شہرت عام طور پر کم ہے لیکن عرب کے اکثر مشہور شعراء کا کلام کثرت سے یاد تھا اور تمام شعراء کے کلام پر ان کی خاص خاص آراء تھیں۔ اہل ادب کو عموماً تسلیم ہے کہ ان کے زمانے میں ان سے بڑھ کر کوئی شخص شعر پر کھنے والا نہ تھا۔

علامہ جاحظ مصری اپنی کتاب " کتاب البیان وَالتّبیین " میں لکھتے ہیں ﴿ **کان عمر بن الخطاب اعلم الناس بِا لشِعر** ﴾ ترجمہ: "عُمَرَ بن خطاب اپنے زمانہ میں سب سے بڑھ کر شعر شناسا تھے[3]

علوم وفنون سے فارغ ہو کر سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تجارت کا ذریعہ معاش اپنایا۔ اور تجارت کی غرض سے سیّدنا عُمَرَ فاروقؓ نے عراق، شام اور مصر کے متعدد سفر کئے، اور بڑے بڑے آدمیوں سے میل جول بڑھانے کا موقعہ ملا سفر کی اس کثرت کے باعث سیّدنا فاروق اعظمؓ میں خودداری، بلند حوصلگی، معاملہ فہمی اور تجربہ کاری کے قابل قدر اوصاف پیدا ہو گئے انہی اوصاف کی بنا پر "قُریش" نے سفارت کے منصب پر مامور کر دیا، چنانچہ "قُریش" اور دیگر قبائل کے مابین جب کوئی پُرخطر معاملہ پیش آتا تو وہ قُریش کی استعانت فرماتے اور جھگڑوں میں سیّدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فیصلہ قبول کر لیا جاتا۔[4]

[1] طبقات ابن سعد [2] فتوح البلدان [3] کتاب البیان والتبیین [4] طبقات ابن سعد

قبول اسلام: حضرت زید بن اسلم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والد سے اور وہ سیّدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ سیّدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبوت کے چھٹے سال ماہ ذوالحجہ میں اسلام لائے اور اس وقت آپ کی عمر 26 برس کی تھی۔ حضرت صہیب بن سنان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب سیّدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالی عنہ اسلام لائے تو اسلام کو شان وشوکت حاصل ہوئی اور رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اعلانیہ تبلیغ اسلام کرنے لگے۔

بارگاہ محمد مصطفیٰ ﷺ سے حضرت عمرؓ کو "فارُوق" کا لقب عطا فرمانا!

بہت سی احادیث نبوی ملتی ہیں کہ امیر المومنین سیّدنا عمر رضی اللہ عنہ کو یہ لقب "فارُوق" محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ ﷺ نے عطا فرمایا۔

روایت ہے کہ حضرت امیر المومنین سیّدنا فارُوق اعظم رضی اللہ تعالی عنہ کے اسلام لانے کے بعد سیّدنا فارُوق اعظم رضی اللہ تعالی عنہ کے اصرار پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں کی معیت میں پہلی مرتبہ کعبۃ اللہ میں اعلانیہ نماز باجماعت ادا کی اور کفار ان کا کچھ نہ بگاڑ سکے۔ اس جرات پر آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدنا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو "فارُوق" (حق و باطل میں امتیاز کرنے والا) کا لقب عطا فرمایا۔

ایوّب بن موسیٰ رضی اللہ عنہ نے سیّدنا فارُوق اعظم کے بارے میں رسُول اللہ ﷺ کا ارشاد گرامی نقل کیا ہے کہ "اللہ تعالیٰ نے حق سیّدنا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زبان اور دل پر جاری کر دیا ہے اور وہ "فارُوق" ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی ذات کے باعث حق و باطل کو الگ الگ کر دیا ہے[1]"۔

حضرت ابوعمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے عرض کیا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا نام "الفارُوق" کس نے رکھا؟ تو اُمّ المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ یہ لقب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو رسُول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عطا فرمایا ہے۔

اس میں کوئی شک وشبہ نہیں کہ سیّدنا عُمرَ رضی اللہ عنہ "فارُوق" تھے اس لئے سیّدنا عُمر رضی اللہ عنہ آج تک "فارُوق" کے لقب سے پوری دینا میں معروف ہیں۔ اور محشر تک معروف رہیں گے۔

[1] صحیح بخاری

ہجرت حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بسُوئے مدینہ: جب رسُول اللہ نے مسلمانوں کو مدینہ کی طرف ہجرت کا حکم دیا تو سَیّدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے 20 آدمیوں کے ساتھ مدینے کا قصد کیا۔ اور اس شان کے ساتھ روانہ ہوئے کہ پہلے مسلح ہو کر مشرکین کے مجمع میں سے گزرتے ہوئے خانہ کعبہ پہنچے نہایت اطمینان سے طواف کیا، نماز پڑھی اور مشرکین سے مخاطب ہو کر کہا کہ میں مکہ سے ہجرت کررہا ہوں "اگر کسی کی یہ خواہش ہو کہ اس کی ماں اس سے محروم ہو جائے، اس کی بیوی بیوہ ہو جائے اور اس کے بچے یتیم جائیں تو وہ اس وادی کے پار میرے مقابلے کو آئے"۔ لیکن کفار میں کسی کو الجھنے کی جسارت نہ ہوئی۔

غزوات نبوی میں شرکت: سَیّدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بہت قربت حاصل تھی۔ سَیّدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تقریباً تمام غزوات نبوی میں شرکت فرمائی، رسُول اللہ ﷺ نے کئی مرتبہ سَیّدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اسلامی افواج کا سپہ سالار مقرر کیا۔ ایک بار قبیلہ بنی ہوازن کے مقابلے میں تیس (30) آدمیوں کو سَیّدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قیادت میں بھیجا تو وہ لوگ سَیّدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی آمد کی اطلاع پا کر فرار ہو گئے۔

فتح مکہ کے موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مردوں سے خود بعیت لی اور عورتوں سے بیعت کے لئے سَیّدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مقرر کیا۔

حضرت سَیّدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی موافقت میں آیات قرآن کا نزول:

سَیّدنا فاروق اعظمؓ کی رائے نہایت صائب ہوتی تھی۔ عبداللہ بن عمرؓ فرمایا کرتے تھے کہ سَیّدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کسی معاملہ میں یہ کہتے تھے کہ میرا اس کی نسبت یہ خیال ہے تو ہمیشہ وہی پیش آتا تھا جو ان کا گمان ہوتا تھا[1] سَیّدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اس سے زیادہ اصابت رائے کی کیا دلیل ہوگی کہ ان کی بہت سی آراء کی موافقت میں آیات قرآن کا نزول ہوا۔ بعض محقق نے تلاش وجستجو کے بعد جن "موافقات سَیّدنا فاروق اعظم" رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جمع کیا ہے ان کی تعداد 15 سے زیادہ ہے۔ جن میں سے چند ایک یہ ہیں:-

[1] سیدّنا عمر فاروقؓ محمد حسین ہیکل

* حضرت اَنس رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ راوی ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا۔ یا رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگر مقام ابراہیم کو ہم نماز پڑھنے کے لئے جگہ بنائیں تو بہتر ہے (یعنی طواف کعبہ کے بعد جو دو رکعت پڑھی جاتی ہیں) اگر مقام ابراہیمؑ کے پاس پڑھی جائیں تو بہتر رہے گا۔ پس یہ آیت کریمہ نازل ہوئی :-

﴿ وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّى ﴾ ترجمہ : "اور بناؤ مقام ابراہیم کو نماز کی جگہ۔"[1]

* حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ وآلہ وسلم نے غزوہ بدر میں مشرکین کو قیدی بنایا۔ تو اس موقعہ پر رسُول اللہ صلی اللہ وآلہ وسلم سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ان کے بارے میں مشورہ طلب فرمایا۔ تو سیّدنا ابوبکر صدیق رضہ اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا۔

"یا رسول اللہ صلی اللہ وآلہ وسلم یہ لوگ آپ صلی اللہ وآلہ وسلم کے برادر اور قبیلے کے افراد ہیں، انہیں فدیہ لے کر چھوڑ دیجئے۔ پھر رسُول اللہ صلی اللہ وآلہ وسلم نے سیّدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ارشاد فرمایا۔

عُمرَ ابن خطّاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ تمہاری کیا رائے ہے؟ تو سیّدنا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رائے دی۔

یا رسُول ﷺ انہیں تہہ تیغ فرما دیجئے تاکہ اللہ تعالیٰ جان لیں کہ ہمارے دلوں میں مشرکوں کا کوئی لحاظ نہیں ہے لیکن رسُول اللہ ﷺ نے اہل کفار سے فدیہ لے کر رہا کرنا بہتر سمجھا۔ جب اگلا دن ہوا۔ سیّدنا عمرؓ صبح صبح نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو رسُول اللہ ﷺ اور سیّدنا ابوبکرؓ بیٹھے رو رہے تھے۔ تو سیّدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا یا رسُول اللہ ﷺ! مجھے بتائیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیوں رو رہے ہیں۔ اگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اب بھی روئے تو میں بھی رو پڑوں گا۔ اور اگر مجھے رونا بھی نہ آیا تو میں آپ حضرات کے رونے کی وجہ سے زبردستی رووٴں گا۔ تو رسُول اللہ ﷺ نے فرمایا، میں اس عذاب کی وجہ سے رو رہا ہوں جو تمہارے دوستوں کے اتنا قریب آ گیا ہے کہ وہ عذاب اس قریبی درخت سے بھی زیادہ قریب ہے اور اللہ تعالیٰ نے یہ آیات کریمہ نازل فرمائی ہیں:-

﴿ مَا كَانَ لِنَبِیٍّ اَنْ یَّكُوْنَ لَهٗۤ اَسْرٰى حَتّٰى یُثْخِنَ فِی الْاَرْضِ تُرِیْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْیَا وَاللّٰهُ یُرِیْدُ الْاٰخِرَةَ ؕ وَاللّٰهُ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ لَوْلَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِیْمَاۤ اَخَذْتُمْ

[1] سورۃ البقرۃ، آیت نمبر 125

عَـذَابٌ عَـظِيْـمٌ ﴾❶ ترجمہ: "نبی کے لئے مناسب نہیں تھا کہ ان کے پاس قیدی باقی رہیں (بلکہ قتل کئے جائیں) جب تک کہ وہ نبی کفار کو تہہ تیغ نہ کرلیں۔تم لوگ دنیا کا مال واسباب چاہتے ہو اور اللہ تعالیٰ آخرت کا خواہاں ہے اور اللہ تعالیٰ بڑا زبردست حکمت والا ہے اور اللہ تعالیٰ کا لکھا مقدر میں نہ ہوتا تو جو امر تم نے اختیار کیا ہے یعنی فدیہ لے لیا بڑا عذاب۔"

اس طرح بدر کے قیدیوں کے سلسلے میں سَیّدنا عمرؓ کی رائے کے مطابق اللہ تعالیٰ نے اپنا حکم نازل فرمایا اس سے رسُول اللہ ﷺ اور مسلمانوں کی نظر میں سَیّدنا عمرؓ کی حیثیت بلند اور آپ کی رائے وقیع ہوگئی۔

* حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ جب رئیس والمنافقین عبداللہ بن اُبی مر گیا تو رسُول اللہ ﷺ نے اس کی نماز جنازہ پڑھانے کا ارادہ فرمایا، لیکن سَیّد نا عمرؓ رسُول اللہ ﷺ کے سامنے کھڑے ہوگئے اور عبداللہ بن اُبی کی اسلام دشمنی کا تذکرہ کرتے ہوئے ارشاد باری تعالیٰ پڑھا:۔

﴿ اِسْتَـغْـفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ج اِنْ تَسْتَـغْـفِـرْ لَهُـمْ سَبْعِيْنَ مَرَّ ةً فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ﴾❷

ترجمہ:"ان کے لئے بخشش چاہو یا نہ چاہو، اگر تم ستر (70) بار بھی ان کے لئے بخشش چاہو گئے تو بھی اللہ تعالیٰ ان کی بخشش نہیں کرے گا۔"

رسُول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اگر مجھے پتہ چل جائے کہ 70 بار سے زیادہ بخشش چاہنے پر یہ بخشا جائے گا تو میں اس سے زیادہ اس کے لئے بخشش کی دعا کروں گا پھر رسول اللہ ﷺ نے نماز جنازہ پڑھائی اور اس کی میت کے ساتھ ساتھ تشریف لے گئے اور اس کی قبر پر کھڑے ہوئے حتیٰ کہ اس کی تجہیز وتکفین کی۔زیادہ دیر نہیں لگی کہ یہ دو آیت نازل ہوگئی۔

﴿وَلاَ تُـصَـلِّ عَـلٰـی اَحَـدٍ مِّـنْهُـمْ مَّـاتَ اَبَـداً اَ وَّ لا تَـقُـمْ عَـلـٰی قَبْـرِ ہٖ ﴾❸

ترجمہ:"ان میں سے کوئی فوت ہوجائے تو کبھی نہ رسول اللہ ﷺ اُن میں سے کسی کی نماز جنازہ پڑھائیں اور نہ اُن میں سے کسی کی قبر پر کھڑے ہوں"۔

تو اس کے بعد رسُول اللہ ﷺ نے کبھی کسی منافق کی نمازہ جنازہ نہیں پڑھائی اور کسی منافق کی قبر پر دعا کے لئے کھڑے نہیں ہوئے یہاں تک کہ رسُول اللہ ﷺ اپنے مولا کریم سے جا ملے۔

❶ سورۃ الانفال،آیات 68-67 ❷ سورۃ توبہ،آیت 80،صحیح بخاری ❸ سورۃ توبہ ، آیت 84

* سیّدنا فاروق اعظمؓ سے ایک روایت ہے کہ سیّدنا عُمرؓ نے عرض کیا یا رسُول اللہ ﷺ! آپ ﷺ ازواج مطہراتؓ کے ہوتے ہوئے آپ ﷺ کے پاس ہر قسم کے لوگ حاضر ہوں گئے بہتر ہے کہ آپ ﷺ ازواج مطہراتؓ کو پردہ کا حکم کریں۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے پردہ کی آیت مبارکہ نازل فرمائی:-

﴿ یٰٓاَیُّھَا النَّبِیُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِکَ وَبَنٰتِکَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِیْنَ یُدْنِیْنَ عَلَیْھِنَّ مِنْ جَلَابِیْبِھِنَّ ؕ ذٰلِکَ اَدْنٰٓی اَنْ یُّعْرَفْنَ فَلَا یُؤْذَیْنَ ؕ وَکَانَ اللّٰہُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ﴾ [1]

ترجمہ :"اے نبی اپنی بیویوں سے فرما دیجئے اور اپنی بیٹوں سے اور مسلمانوں کی عورتوں سے کہ اپنے پردے کی بڑی چادریں سر پر اوڑھ کر رکھا کریں۔ اس سے وہ شناخت کی جائیں گی تا کہ ان کو کوئی نہ ستائے اور اللہ بڑا غفور رحیم ہے۔"

* جب ازوج مطہراتؓ نے متحد ہو کر رشک و رقابت کا مظاہرہ کیا تو رسول اللہ ﷺ نے اپنی بیویوں سے علیحدگی کا ارداہ فرما لیا تو سیّدنا عمرؓ نے ازواج مطہراتؓ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا:-

"بہتر ہے کہ آپ سب باز آ جائیں ورنہ اللہ اپنے حبیب کو اس کے عوض بہتر عورتیں عطا فرمائے گا"

تو اسی کے مطابق اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان کی تنبیہ کے لئے آیت مبارکہ نازل ہوئی:-

﴿عَسٰی رَبُّہٗٓ اِنْ طَلَّقَکُنَّ اَنْ یُّبْدِلَہٗٓ اَزْوَاجًا خَیْرًا مِّنْکُنَّ مُسْلِمٰتٍ مُّؤْمِنٰتٍ قٰنِتٰتٍ تٰٓئِبٰتٍ عٰبِدٰتٍ سٰٓئِحٰتٍ ثَیِّبٰتٍ وَّ اَبْکَارًا ﴾ [2] ترجمہ:"یہ دیکھ لو کہ اگر نبی تمہیں طلاق دے دیں تو عجب نہیں کہ ان کا رب تمہارے عوض انہیں بہتر بیویاں عنایت فرمائے۔ فرمانبردار، ایمان دار، نماز پڑھنے والیاں، توبہ کرنے والیاں عاجزی کرنے والیاں، بیوہ ہوئی اور کنواریاں۔"

وحی الٰہی کی تائید تھی جس کے سبب حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فرمایا کرتے تھے۔ کہ

﴿اِنَّ اللّٰہ جَعَلَ الْحَقَّ عَلٰی لِسَانِ عُمَرَ وَقَلْبِہٖ ﴾ [3] ترجمہ: "اللہ تعالیٰ نے حق کو عُمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زبان اور دل سے جاری فرما دیا ہے"

[1] سورۃ احزاب، آیت 59 [2] سورۃ تحریم، آیت نمبر 5 [3] ترمذی شریف

سَیّد ناعُمرَ فارُوق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عظمت شان نبی کریم ﷺ کی نگاہ اقدس میں!

* سَیّد نا فارُوق اعظمؓ کی عظمت شان کے متعلق بہت سی احادیث وارد ہیں حضرت عقبہ بن عامرؓ فرماتے ہیں کہ رسُول اللہ ﷺ نے ارشادفرمایا ﴿ لَوْ کَانَ بَعْدِیْ نبیاً لکَانَ عُمَرَبْنَ الْخَطّابِ ﴾[1] ترجمہ:" کہ اگر میرے بعدکوئی نبی ہوتا تو عُمرَ بن خطابؓ ہوتے"۔

* حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا۔" کہ ایک مرتبہ جبرئیل امین رسُول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور بارگاہ رسالت میں عرض کیا کہ عُمرَ رضی اللہ عنہ کو اللہ تعالیٰ کا سلام پہنچادو اور انہیں بتادو کہ عُمرَ بن الخطّابؓ کی تعظیم وتکریم کرنا عزت کا باعثُ ہے اور اُن کو ناراض کرنے سے عزت میں کمی آتی ہے[2] "۔

* حضرت ابو ہریرہ رضہ اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا کہ پہلی امتوں میں اللہ تعالیٰ سے شرف ہم کلامی حاصل کرنے والے خاص لوگ ہوا کرتے تھے اُمّت محمدیہ میں اگر کسی کو یہ درجہ حاصل ہوتا تو وہ عُمرَ بن الخطاَّب کو حاصل ہوتا۔[3]

* حضرت عبداللہؓ فرماتے ہیں کہ میں نے رسُول اللہ ﷺ سے سنا کہ آپ فرماتے ہیں کہ ﴿عُمَرُ بُن اُلخَطَّاب مَعِیَ حَیْثُ اُحَبُّ وَانَا مَعَه، حَیْثُ الُحَقُّ بَعُدِیْ مَعَ بُنِ الُخَطُّابِ حَیُثُ کَانَ﴾ ترجمہ:" کہ عمر بن خطَّاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ وہیں ہوتا ہے جہاں میں پسند کروں اور میں بھی وہیں ہوتا ہوں جہاں عمر پسند کرے۔اور میرے بعد حق عُمر بن خطاّب کے ساتھ رہے گا[4] "۔

* حضرات ابوذر غفاریؓ، حضرت ابو ہریرہؓ،اور حضرت نافع حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت فرمائی ہے کہ رسُول اللہ ﷺ نے فرمایا:- ﴿ اِنَّ اللّٰـہ جَعَلَ الُحَقَّ عَلیٰ لَسِان عُمَرَوَقَلُبَہ ﴾ ترجمہ:" کہ اللہ تعالیٰ نے حق کو حضرت عُمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زبان اور دل پر جاری کردیا ہے[5]"۔

* حضرت کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ رسُول اللہ صلی اللہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جناب جبریل امین نے مجھ سے فرمایا کہ دین اسلام حضرت سَیّد ناعُمر کی وفات پر روئے گا۔[6]

(1) ترمذی شریف (2) ترمذی شریف (3) بخاری شریف (4) مشکوۃ شریف (5) ترمذی شریف (6) حضرت عُمرَ فارُوقؓ (امام ابوالفراج عبدالرحمٰن

خلافت: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال کے بعد سیّد نا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ عہد صدیقی میں ہمیشہ سیّد نا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے مشیر اعلیٰ رہے۔ جب سیّد نا ابوبکر رضی اللہ عنہ بیمار ہوئے تو اپنی وفات سے قبل چند جید صحابہ کے مشورے کے بعد سیّد نا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مسلمانوں کا خلیفہ نامزد کرنے کی وصیت کی۔ تو بعض لوگوں نے ان کی سخت مزاجی کی شکایت کی تو سیّد نا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ "یہ سختی اس لئے ہے کہ وہ مجھے نرم پاتے ہیں لیکن جب ان پر ذمہ داری آپڑے گی، وہ بہت نرمی اختیار کریں گے۔"

سیّد نا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی رحلت کے بعد جمادی الثانی **13** ھجری بمطابق اگست **634**ء سیّد نا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسند آرائے خلافت ہوئے تو اپنے پہلے خطبۂ خلافت میں سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا بیان کی، رسول اللہ پر درود بھیجا اور پھر سیّد نا حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فضائل ومناقب کا ذکر کر کے یہ فرمایا:-

"اے لوگو! تمہارے معاملات کی ذمہ داری میرے شانوں پر رکھ دی گئی ہے۔ تمہیں جاننا چاہئے کہ وہ سختی اب نرمی سے تبدیل ہوگئی ہے، لیکن ان لوگوں کے لئے اسی طرح قائم ہے جو مسلمانوں پر ظلم وزیادتی کرتے رہے وہ لوگ جو امن وسلامتی سے رہتے اور ایمان رکھتے ہیں، سو ان کے لئے سب سے زیادہ نرم ہوں۔ اگر کوئی کسی پر ظلم یا زیادتی کرے گا تو میں اس وقت تک اسے نہیں چھوڑوں گا جب تک اس کا ایک رخسار زمین پر نہ لگا دوں اور دوسرے رخسار پر اپنا پاؤں نہ رکھ دوں جب تک کہ وہ راہ راست پر نہ آجائے۔" ❶

عدل فارُوقی: شخصی برابری اور قانون کی بالا دستی کی تو بے شمار مثالیں پیش کی جا سکتی ہیں۔ لیکن اس سلسلے میں ایک مثال باعث دلچسپی ہوگی۔ انسانی مساوات کا ایسا نمونہ تاریخ کی چشم بینا نے شاید کبھی نہ دیکھا ہو:-

"امیر المُومنین سیّد نا عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ شام کے عیسائیوں کے ساتھ گفتگو کے لئے شام جا رہے تھے آپ کے ساتھ ایک ساربان تھا۔ سفر کی ترتیب یہ تھی کہ آپ اور ساربان (غلام) باری باری اونٹ پر سواری کرتے تھے (یہ شاہی قافلہ ان دو ہی افراد پر مشتمل تھا) جب آپ بیت المقدس پہنچے تو اتفاق سے سواری کی باری غلام کی تھی۔ کہتے ہیں کہ شام والوں نے ساربان ہی کو خلیفہ سمجھا۔" ❷

❶ حضرت سیّد نا عمر فاروقؓ (محمد حسین ہیکل) ❷ حضرت سیّد نا عمر فاروقؓ (محمد حسین ہیکل)

اجتماعی نظام عدل اور اجتماعی ذمہ داری کے سلسلے میں متفقہ روایات کے حوالے سے مندرجہ ذیل دو واقعات کسی بھی ترقی یافتہ معاشرے کے لئے ایک چیلنج کا درجہ رکھتے ہیں:-

1- ایک بستی والوں نے ایک پیاسے کو پانی فراہم نہیں کیا (اس دور میں ہی نہیں بلکہ اب بھی عرب کے بعض علاقوں میں پانی نعمت عظمیٰ ہے) اور وہ پیاس سے مر گیا امیر المومنین سیّد نا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کا خون بہا خود ادا کیا اور پھر بستی والوں سے وصول کیا۔

2- کچھ غلاموں نے ایک شخص کا اونٹ ذبح کر لیا اور کھا گئے۔ان کے خلاف چوری کا الزام ثابت ہو گیا۔تو امیر المومنین سیّد نا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حد جاری کرنے سے پہلے پوچھا کہ تم نے ایسا کیوں کیا۔ انہوں نے کہ کہا کہ ان کا مالک، کام تو بہت لیتا ہے لیکن کھانے کو اتنا کم دیتا ہے جس سے ہمارا پیٹ نہیں بھرتا۔ یہ سن کر آپ نے غلاموں کو تو بری کر دیا۔اور مالک کو بلا کر کہا کہ چاہئے تو یہ تھا کہ اس چوری کے جرم کی سزا میں تمہارا ہاتھ کاٹ دیا جائے کہ اس جرم کے مرتکب دراصل تم ہو، غلام نہیں۔لیکن میں تم سے نرمی برتتا ہوں اور اس مرتبہ اتنی سزا کافی سمجھتا ہوں کہ تم اونٹ کی قیمت اس کے مالک کو ادا کر دو۔اگر تمہارے غلاموں سے پھر کوئی جرم سرزد ہوا (مذکور حالات میں) تو پھر تمہارے لئے کسی سخت سزا کے متعلق سوچا جائے گا۔"

یہ روایت جرم و سزا کے موضوع پر مہذب معاشرے کے لئے ایک درخشندہ اور قابل تقلید مثال رکھتی ہیں اس سے معاشرتی اصلاح کے بنیادی اصول وتصورات واضح ہوتے ہیں کہ اسلام علت مرض کے تدارک پر زور دیتا ہے نہ کہ سزا کو کوئی کلیدی مقام دیتا ہے ساتھ ہی یہ بھی وضاحت ہوتی ہے کہ اس دور میں حدود کو کوئی مذہبی رسم کی حیثیت دیکر، حالات وواقعات سے قطع نظر کرتے ہوئے، نا قابل تغیر ہرگز نہیں سمجھا گیا بلکہ جرم وسزا کو معاشرتی حالات سے مشروط گردانا گیا۔

امیر المومنین سیّد نا فاروق اعظمؓ کے دور میں شام کی ایک بڑھیا کا واقعہ بھی اپنی اہمیت کے لحاظ سے قابل ذکر ہے جس سے ظاہر ہو گا کہ حکومت کو کس حد تک تمام امور میں ذمہ دار ہونا چاہئے

" امیر المومنین سیّد نا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ شام سے واپس آ رہے تھے کہ کسی ویرانے میں ایک خیمہ دکھائی دیا۔آپ قریب گئے تو دیکھا کہ ایک بڑھیا بیٹھی ہوئی ہے۔آپ نے بڑھیا سے پوچھا کہ امیر المومنین سیّد نا عُمرؓ کی بھی کچھ خبر ہے؟ بڑھیا نے کہا، سنا ہے۔کہ شام سے واپس چل پڑا ہے۔اس سے

زیادہ نہ مجھے اس کے متعلق کچھ علم ہے نہ اس کی ضرورت۔آپ نے پوچھا ایسا کیوں؟ اس نے جواب دیا جس نے آج تک یہ معلوم نہیں کیا کہ مجھ پر کیا گزر رہی ہے، میں اس کے حالات معلوم کر کے کیا کروں گی۔ پوچھا کیا تم نے امیر المومنین سیّدنا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تک اپنے حالات کی اطلاع پہنچائی ہے۔ تو اس نے جواب دیا کہ یہ میرا نہیں اس کا کام ہے۔ آپؓ نے کہا امیر المومنین سیّدنا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اتنے دور کا حال کیسے معلوم ہو سکتا ہے۔ بڑھیا نے کہا۔ اگر امیر المومنین سیّدنا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی رعایا کے ہر فرد کے حالات کا علم نہیں رکھ سکتا تو اسے خدائے علیم وخبیر کے نام پر حکومت کرنے کا کیا حق ہے۔"

امیر المومنین سیّدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب اس واقعہ کو یاد کرتے تو ان کی آنکھوں میں آنسو آجایا کرتے اور فرماتے کہ خلافت کا مفہوم مجھے شام کی اس بڑھیا نے سمجھایا۔"

مذہبی برابری اور قانون کی بالادستی کی تو بے شمار مثالیں پیش کی جاسکتی ہیں لیکن اس سلسلے میں ایک مثال مفید مطلب ہوگی:۔

جبلّہ بن ایہم [1] جو شام کا ایک بڑا رئیس تھا حلقۂ اسلام میں داخل ہونے کے بعد کعبہ کا طواف کر رہا تھا کہ اس کی چادر کا کونا ایک عام آدمی کے پاؤں کے نیچے آگیا۔ جبلّہ نے اس شخص کے منہ پر تھپڑ مار دیا اور اس نے بھی برابر جواب دیا۔ جبلّہ غصہ سے بیتاب ہو گیا اور امیر المومنین عمرؓ سے شکایت کی آپ نے کہا کہ اس میں شکایت کی کیا بات ہے جو کچھ تم نے کیا اس کی سزا پائی۔ جبلّہ جو مراعات یافتہ طبقہ کا فرد تھا اس فیصلے پر حیرت زدہ رہ گیا اور کہا کہ ہم اس مرتبے کے لوگ ہیں کہ جو کوئی ہم سے گستاخی کا مرتکب ہوتا ہے وہ قتل کا مستوجب ٹھہرتا ہے۔ اس پر امیر المومنین سیّدنا عمرؓ نے کہا کہ قبل از اسلام ایسا ہی ہوتا تھا لیکن اسلام نے پست و بلند کو ایک کر دیا ہے چنانچہ جبلّہ ناراض ہو کر واپس اپنے علاقے میں چلا گیا اور یہ کہتے ہوئے دوبارہ عیسائی ہو گیا کہ اسلام ایسا مذہب ہے جو شریف اور ذلیل میں فرق نہیں کرتا تو میں اس سے باز آیا۔

امیر المومنین سیّدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انسانی برابری کے اصول کو تحفظ دیا کہ وہ اسلام کا اساسی اصول ہے۔ اور جبلّہ کے ارتداد کی پرواہ نہ کی۔ یہ واقعہ آزادی مذہب کے حق کی بھی نشاندہی کرتا ہے چنانچہ جو شخص بہ رضا و رغبت اسلام کے دائرے میں نہ رہنا چاہے اسے آزادی ہے کہ وہ اس سے

[1] شام کا رئیس تھا جب مدینہ داخل ہوا تو مدینہ کے لوگ اس کی شان و شوکت دیکھ کر حیرت میں ڈوب گئے۔ حضرت سیّدنا عمرؓ محمد حسین ہیکل

الگ ہو جائے اور جب چاہے اس مذہب کو بغیر باز پرس کے خوف کے چھوڑ دے۔ مذہب کے معاملے میں کوئی جبر نہیں بلکہ یہ انسان کی مرضی ومنشاء پر منحصر ہے یہی " لا اکراہ فی الدین " کا منشاء ومقصود ہے۔

سیّدنا عمر فاروق اعظمؓ نے ذمیوں کو جو حقوق دیئے اور محکوم قوموں سے جو معاہدے کئے ان کی تفصیل تو خاصی طویل ہو گی تاہم مشتے از خروارے کے طور پر "عہد فاروقی " کی سب سے اہم فتح، فتح بیت المقدس کے موقع پر جو معاہدہ وہاں کے عیسائیوں کے ساتھ ہوا اس کا اقتباس پیش کیا جاتا ہے:-

" یہ امان ہے جو خدا کے بندے امیر المومنین سیّدنا عُمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایلیا کے لوگوں کو دی۔۔۔۔۔ یہ امان ان کی جان، مال، گرجا، صلیب، تندرست، بیمار اور ان کے تمام مذہب کے لئے ہے۔ ان کے گرجوں میں نہ سکونت اختیار کی جائے گی، اور نہ وہ گرائے جائیں گے۔۔۔۔۔۔۔۔ نہ مذہب کے معاملے میں ان پر جبر کیا جائے گا۔ نہ ان میں سے کسی کو نقصان پہنچایا جائے گا۔"

یہی نہیں بلکہ معاہدوں کی پابندی کے سلسلے میں حضرت سیّدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ بذات خود صوبوں کے گورنروں کو وقتاً فوقتاً احکام بھیجتے رہتے تھے۔ اس طرح کا ایک حکم فاتح شام حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نام ہے جس کا تذکرہ امام "ابو یوسف یعقوب " رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی تصنیف " کتاب الخراج " میں اس طرح کیا ہے:-

" مسلمانوں کو روکو کہ ذمیوں پر ظلم نہ کرنے پائیں❶۔ نہ ان کو کوئی نقصان پہنچائیں نہ ناجائز طور پر ان کا کوئی مال کھائیں۔ ان سے جو شرطیں طے کی گئی ہیں اور ان سے جو وعدے کئے گئے ہیں ان کو پورا کیا جائے " ❷

اس بحث سے بخوبی اندازہ ہوسکتا ہے کہ سیّدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ذمیوں کے ساتھ انتہائی منصفانہ برتاؤ کیا اور ان پر کوئی ایسا جبر روا نہ رکھا جس کے باعث یہ کہا جاسکے کہ ان میں اور مسلمانوں میں امتیاز برتا گیا۔ مذہب کے معاملے میں بالخصوص انہیں مکمل آزادی دی گئی تھی۔

اس لئے کہا جاسکتا ہے کہ امیر المومنین سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا عہد خلافت دراصل اسلامی طرز حکومت اور نظام حیات کا ایک صحیح معاشرتی خاکہ ہے۔

❶ ذمی سے وہ قومیں مراد ہیں، جو مسلمان نہ تھیں لیکن ممالک اسلامیہ میں سکونت رکھتی تھیں۔ ❷ کتاب الخراج

عہد فارُوقی کی فتوحات: امیر المومنین سیّدنا حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جانشینی کے وقت شام وعراق میں جنگ چھڑی ہوئی تھی۔آپؓ نے ابوعبیدہ ثقفیؓ کو چند ہزار سپاہ کے ساتھ ایران کی مہم پر روانہ کیا اس وقت ایران میں "ملکہ پوران دخت" حکمران تھی اور ملکہ نے فوجوں کا سپہ سالار خراسان کے نامور مدبر اور مشہور بہادر "رستم" کو عربوں کے مقابلے کے لئے مامور کیا۔ایران کے دو نامور بہادر "نرسی" اور "جابان" بھی "رستم" کی امداد پر مامور تھے۔مقام "نمازق" میں "جابان" کے ساتھ مقابلہ ہوا اور مسلمان سپاہ فتح یاب ہوئی۔"رستم" نے ایران کا مقدس علم "درفش کاویائی" دے کر مردان شاہ کو تازہ دم فوج کے ساتھ روانہ کیا۔دریائے فرات کے کنارے جنگ ہوئی۔ابوعبیدہ ثقفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ایک ہاتھی نے سونڈ میں لپیٹ کر پیروں کے نیچے مسل ڈالا۔حضرت ابوعبید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کے بعد مثنیٰؓ بن حارثؓ بڑی مشکل سے تین ہزار جانیں بچا کر پسپا ہوئے۔

حضرت عمر فاروقؓ نے غالب بن عبداللہ کی کمان میں تازہ دم فوج روانہ کی۔ایران کی جانب سے "مہران بن مہرویہ" بارہ ہزار سپاہ کے ساتھ آگے بڑھا دریائے فرات کے قریب "بویہ" کے مقام پر جنگ ہوئی مہران قتل ہوا اور اس کی فوجیں شکست سے دوچار ہوئیں۔ایرانیوں نے جوش انتقام میں "پوران دخت" کو تخت سے اتار کر سترہ سالہ "یزدگرد" کو تخت نشین کیا اور زبردست جنگ کی تیاریاں کرنے لگے۔اس کے ساتھ ہی تمام مفقوحہ علاقوں میں بغاوت پھیلا دی۔حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خبر ہوئی تو آپؓ نے سعد بن ابی وقاصؓ کو سپہ سالار اعظم مقرر کر کے بیس ہزار فوج کے ساتھ روانہ کیا پونے دو لاکھ ایرانی لشکر رستم کی کمان میں جنگ کے لئے آگے بڑھا۔محرم 16 ہجری میں جنگ قادسیہ کا واقعہ پیش آیا۔تین روز تک جنگ ہوتی رہی بالآخر ایرانی شکست سے دوچار ہوئے۔"رستم" میدان جنگ میں قتل ہوا۔قادسیہ کی فتح کے بعد سعد بن ابی وقاصؓ بابل،کوثی اور بہرہ شیر کو فتح کرتے ہوئے ایران کے پایہ تخت "مدائن" کے قریب پہنچ گئے۔"مدائن" باقاعدہ جنگ کے بغیر فتح ہوگیا۔"یزدگرد" پایہ تخت چھوڑ کر بھاگ گیا اور حضرت سعد بن ابی وقاصؓ صفر 16 ہجری میں "مدائن" میں داخل ہوگئے مدائن سے نکلنے کے بعد ایرانیوں نے "جلولا" کو مرکز بنایا۔مسلم سپاہ نے کئی مہینوں کی لڑائیوں کے بعد "جلولا" فتح کیا۔"جلولا" عراق کا آخری

مقام ہے اس کے آگے عراق کی سرحد ختم ہو جاتی ہے۔ یزدگرد "حلوان" میں تھا۔ اسے خبر ہوئی تو "حلوان" چھوڑ کر "رَے" بھاگ گیا قعقاع رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے "حلوان" پر قبضہ کر لیا اس کے بعد حضرت عمر فاروقؓ نے عبداللہ بن غنم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو "جزیرہ اور تکریت" کی مہم پر روانہ کیا۔ 16 ھجری میں "تکریت" میں قبضہ کے بعد 17 ھجری میں اسلامی لشکر نے جزیرہ کا پورا علاقہ فتح کر لیا عراق کا سرحدی علاقہ "خوزستان" ایرن کے قبضہ میں تھا 16 ھجری میں ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ اور عمار بن یاسر رضی اللہ نے "خوزستان" فتح کیا۔ خوزستان کی فتح کی خبر سن کر "یزدگرد" کو خطرہ محسوس ہوا کہ مسلمان پورے ایران پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں۔ اس نے کافی تگ ودو کے بعد ڈیڑھ لاکھ فوج مسلمانوں کے مقابلے کے لئے "نہاوند" روانہ کی۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نعمان بن مقرن رضی اللہ عنہ کو سپہ سالار بنا کر "نہاوند" روانہ کیا۔ اس جنگ میں تیس ہزار ایرانی سپاہ کام آئی۔ میدان جنگ میں سپہ سالار نعمان بن مقرن زخمی ہو کر شہید ہوئے سیّدنا فاروق اعظمؓ نے صحابہ کرام کے مشورے کے بعد مختلف مہمیں ایران کی فتح کے لئے روانہ کیں۔ اسلامی لشکر نے اصہفانی، ہمدان، رَے، طبرستان، اذربائیجان، ارمینیا، فارس، کرمان، سیستان اور مکران (بلوچستان) کو فتح کر لیا۔ "یزدگرد" خراسان چھوڑ کر چلا گیا۔ ایرانیوں نے سارا خزانہ مسلمانوں کے حوالے کر کے صلح کر لی۔ دمشق، حمص اور اردن بھی عہد فاروقی میں فتح ہوئے۔ جنگ یرموک میں مسلمانوں نے رومیوں کو شکست دی۔ 16 ھجری میں بیت المقدس فتح ہوا۔ 19 ھجری میں حضرت امیر معاویہؓ نے "قیساریہ" فتح کیا۔ 21 ھجری میں عَمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے "مصر" فتح کیا۔ 23 ھجری عَمرو بن العاص نے فتوحات کے دائرے کو وسیع کرتے ہوئے "برقہ" اور "طرابلس" پر حملہ کر کے "طرابلس" کا سارا ساحلی علاقہ اسلامی مملکت میں شامل کر لیا۔

فارُوقی فتوحات کی سب سے نمایاں خصوصیت ان کی وسعت اور سُرعت ہے۔ صرف دس سال کی مختصر مدت میں اسلامی حکومت کی حدود مشرق میں چین، مغرب میں افریقہ، شمال میں بحیرہ قزوین اور جنوب میں سوڈان تک پھیل گئی تھیں۔ بے شک یہ صورت حال ایک معجزے کی حیثیت رکھتی ہے۔ بدیں وجہ ہم سیّدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بلا شبہ دنیا کا سب سے بڑا فاتح کہہ سکتے ہیں۔

شہادت: 26 ذوالحجہ 23 ہجری بروز بدھ کو فجر کی نماز کی امامت کے لئے کھڑے ہوئے۔ فروز نامی پارسی ابُو لُولُو نے دفعتہً پیچھے سے نکل کر سیّد نا عمر فاروق ؓ پر پے در پے خنجر کے چھ وار کئے اور حضرت عمر فاروق ؓ نڈھال ہو کر گر پڑے ہوش میں آئے، بچنے کی اُمید نہ تھی لہذا خلافت کے لئے چھ افراد کو نامزد فرمایا اور کہا، ان میں جس پر کثرت ہو جائے، میری وفات کے تین دن بعد اسے خلفیہ بنانا۔

زخمی ہونے کے تین دن بعد 29 ذوالحجہ بروز ہفتہ کے دن وفات پائی، انتقال کے وقت عمر مبارک 63 سال سے زائد تھی اور مدت خلافت دس سال چھ ماہ چار دن تھی۔ اور یکم محرم 24 ہجری بمطابق 4 نومبر 644ء کو اتوار کے دن، اپنی خواہش کے مطابق سرور کائنات ﷺ کے پہلو میں مدفون ہوئے۔

ازواج واولاد: سیّد نا حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے زندگی میں متعدد عورتوں سے نکاح کیا۔ جن سے 12 بچے تولد ہوئے۔ 8 لڑکے اور 4 لڑکیاں تھیں۔

زینب بنت مظعون سے عبداللہ[1] اور حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا[2] (آپ کے والد عثمان بن مظعون ؓ کی وفات پر رسُول اللہ کو اس قدر صدمہ ہوا کہ آپ ان کی میت کو بوسے دیتے تھے اور بے اختیار روتے جاتے تھے)، قریبہ بنت ابی امیہ المخزومی (6 ھجری میں ان کو طلاق دے دی)، جمیلہ بنت عاصم سے عاصم (ان کو طلاق دے دی[3])، اُمّ کلثوم بنت جرول بن مالک سے زید اصغر اور عبید اللہ، (طلاق دے دی)، سیّدہ اُمّ کلثوم بنت علی ابن ابی طالب سے زید اکبر اور رقیہ (آنحضور ﷺ کی صاحبزادی فاطمۃ الزہرا ؓ کی بیٹی تھیں)، اُمّ حکیم بنت حارث سے فاطمہ، عاتکہ بنت زید بن عمرو سے عیاض (سیّد نا حضرت عُمر ؓ کی چچیری بہن تھیں ان کا پہلے نکاح سیّد نا ابو بکر ؓ کے فرزند عبداللہ ؓ سے ہوا تھا غزوہ طائف میں شہید ہو گئے تو سیّد نا فاروق اعظم ؓ نے ان سے 12 ھجری میں نکاح کیا)، لہیتہ اُمّ ولد سے عبدالرّحمٰن الاوسط، فکیہتہ اُمّ ولد سے زنیب اور عبدالرّحمٰن الاصغر۔

1. علم وفضل کے علاوہ حق گوئی میں نہایت بیباک تھے۔ بخاری ومسلم میں کثرت سے روایتیں مذکور ہیں۔ سیّد نا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ازواج واولاد کا حال اسد الغابہ، کتاب العارف ابن خلکان میں موجود ہے۔
3. تاریخ طبری، جلد سوم
2. سیّد نا عمر فارُوق اعظم رضی اللہ عنہ کو یہ شرف بھی حاصل ہے کہ آپ کی بیٹی حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا ازواج مطہرات میں داخل ہیں اور ان کا نکاح پہلے خنیس بن حذافہ کے ساتھ ہوا تھا خنیس جب غزوہ احد میں شہید ہوئے تو 3 ھجری شعبان میں حضور ﷺ کے عقد میں آئیں۔

باب سوم

* پس منظر نام ونسب " قریشی فاروقی "
* شجرۂ نسب قوم قریش وحضرت سَیّد نا فارُوق اعظم رضی اللہ عنہ خلفیہ راشدہ دوم
* شجرۂ نسب " قریشی فاروقی " کوپرہ، شاہدرہ شریف, راجوری، بدرہامہ، شوپیّاں, جموں وکشمیر، ترا اڑکھل، فارورڈ کہوٹہ آزاد جموں وکشمیر، اسلام آباد، کہوٹہ (پاکستان)
* " قریشی فاروقی " خاندان کی عظیم خواتین کا تعارف
* بیٹیوں کے ذریعے جڑے ہوئے خاندان، خاندانی شجرے میں شامل صاحبزادیاں
* " قریشی فاروقی " خاندان میں کون کس کی بیٹی ہے؟
* " قریشی فاروقی " بعض احباب کی تصاویر
* ایڈریس برائے رابطہ شجرۂ ھذا بشمول احباب

پس منظر

نام ونسب "قریشی فاروقی"

کوپرہ، شاہدرہ شریف، راجوری، بدرہامہ، شوپیاں، جموں وکشمیر

تراڑکھل، فارورڈ کہوٹہ آزاد جموں وکشمیر، اسلام آباد، کہوٹہ (پاکستان)

یہ شجرۂ نسب نویں پشت میں آخر سے "اول کی طرف" سترھویں صدی کے وسط میں ہمارے ایک جدامجد "الشیخ قاضی محمد عالم قریشیؒ" نے "پیر حسام الدین شاہؒ" کی معاونت سے تحقیق وکاوش کے بعد مرتب فرمایا اور 1947ء میں مقبوضہ کشمیر رہ جانے والے ہمارے اعزّاواقرباء کے ایک بزرگ "قاضی فیروزالدین قریشیؒ" کوپرہ، راجوری، مقبوضہ کشمیر" کے پاس یہ "قلمی نسخہ" موجود تھا۔ مذکورہ شجرۂ نسب ہمارے ایک بزرگ "محمد اقبال فاروقیؒ" کے بے حد اصرار پر ان کے بڑے بھائی قاضی محمد ریاض شہید جو مقبوضہ کشمیر میں رہائش پزیر تھے جب 1976ء میں حج کی سعادت حاصل کرنے بیت اللہ شریف گئے تو مذکورہ شجرہ نسب بھی اپنے ساتھ لے گئے اس طرح یہ شجرۂ نسب مکّہ مکرمہ، سعودی عرب میں محمد اقبال فاروقی کے بھانجوں محمد ایوب قریشی اور محمد یوسف فاروقی کے پاس پہنچا اور ان سے محمد اقبال فاروقی تک پہنچا جنہوں نے خاندان کے بزرگوں کے مرتب کردہ غیر مطبوعہ شجرۂ نسب کو انیسویں صدی کے ساتویں عشرے میں از سرِ نو مرتب کر کے اسے "قاضیان فاروقیہ (کوپرہ، راجوری حال کہوٹہ، اسلام آباد) پمفلٹ کی شکل میں زیورِ طباعت سے آراستہ کر کے خاندان کے افراد کو ایک دوسرے سے متعارف کرایا۔

راجوری کا قدیم نام راج پوری تھا اور اسے ایک راجواڑہ کی حیثیت حاصل تھی یہ علاقہ ماضی میں ہمیشہ ریاست جموں کشمیر پر غیر ملکی حملوں کے خلاف دفاعی حصار کا کام دیتا رہا 1814ء میں کشمیر پر رنجیت سنگھ کے پہلے حملے کے وقت راجوری، بھمبر اور پونچھ کے راجاؤں نے باہمی مشورے سے غیر ملکی حملہ آور افواج کو غلط راستوں پر ڈال کر شکست سے ہم کنار کیا تھا دوسرے حملے کے وقت رنجیت سنگھ نے گلاب سنگھ کو جموں کا راجہ نامزد کر کے اس کی رسم تاجپوشی راجوری میں ہی ادا کی تھی یہاں ایک تاریخی قبرستان ہے جس میں راجوری کے حکمرانوں کے 20 مقبرے ہیں۔ قریشی فاروقی خاندان کے چند گھرانے، کوپرہ، شاہدرہ شریف، ضلع راجوری، مقبوضہ کشمیر میں آباد ہیں۔ قریشی فاروقی خاندان کی پونچھ آزاد کشمیر اور مقبوضہ کشمیر میں دیگر قبائل سے رشتہ داریاں ہیں۔

مذکورہ شجرۂ نسب پر میں نے مزید تحقیق کی تو معلوم ہوا کہ یہی شجرۂ نسب سیّدنا عُمر فارُوق رضی اللہ سے "الشّیخ حبیب اللہؒ " ہمارے جدّ امجد اور "الشّیخ احمد سرہندی مجدّد الف ثانی فاروقی رحمتہ اللہ" تک "مکتُوبات امامِ رَبّانیؒ " تالیف الشّیخ احمد سرہندی مجدّد الف ثانیؒ ، اردو ترجمہ مولانا قاضی محمد عالم الدّینؒ حصّہ اوّل، طابع مطبع عربیہ، لیک روڈ، لاہور، باب جوہر اوّل، صفحہ نمبر **10** پر اور یہی شجرۂ نسب کتاب "حضرات القدس" مطبوعہ "محکمہ اوقاف پنجاب، لاہور، صفحہ نمبر **28** میں بھی درج ہے۔

اس کتاب میں دیا گیا "شجرۂ نسب" بھی اُنہیں کے "شجرہ نسب" کے تعارف کی ایک جھلک ہے میں نے پہلے "شجرۂ نسب" کے نسخے کو ہی آگے بڑھاتے ہوئے اُسے نہایت اِمعانِ نظر اور کاوش سے دیکھا اور ضروری تصحیح کے بعد موجودہ "شجرۂ نسب" کی ترتیب جدید اور تزئین و آرائش کے ساتھ بیسویں صدی کے شروع میں آپ کے سامنے پیش کر دیا گیا ہے۔

- اس شجرۂ نسب کے مطابق ہمارا سلسلہ نسب حضرت سَیّدنا عُمرؓ فارُوق اعظم رضی اللہ تعالیٰ کے فرزند ارجمند حضرت "عبداللہ بن عُمر رضی اللہ تعالیٰ" سے ملتا ہے۔
- اس شجرۂ نسب کے مطابق تیرہویں پشت میں "اوّل تا آخر کی طرف "ہمارۓ آباؤاجدّ اد میں سے ایک جدامجدّ "سلطان شہاب الدین علی ملقبّ بہ فرّخ شاہ" رحمتہ اللہ ہیں جو سلاطینِ کابل کے بڑے امراء و زراء میں سے تھے۔ شّیخ ممدوح پہلے مسلمان بادشاہ ہیں جنھوں نے غزنی و کابل سے ہندوستان میں آکر دین اسلام کو رواج دیا۔ آخر عمر میں آپ نے بادشاہت ترک فرما کے درّہ میں جو شہر کابل سے **60** میل کی مسافت پر تھا عزلت اختیار فرمائی۔ اب یہ درّہ "فرّخ شاہ" کے نام سے مشہور ہے۔❶

قارئین کرام کے ذوق علمی کی خاطر یہ بات بھی ضبط تحریر میں لائی جارہی ہے کہ "حضرت الشّیخ احمد سرہندی مجدّد الف ثانی" رحمتہ اللہ اور "حضرت الشّیخ فرید الدّین گنج شکر رحمتہ اللہ" کا نسب بھی موصوف سلطان شہاب الدین علی سے ملتا ہے۔ الشّیخ احمد سرہندی رحمتہ اللہ کے بارے

❶ تذکرہ مشائخ نقشبندیہ (علامہ نور بخش توکلّی، ایم اے)

میں ان کے مرشد خواجہ باقی اللہؒ نے فرمایا تھا کہ الشیخ[1] احمد سرہندی ایسا چراغ ہے جس سے ایک جہاں روشن ہوگا[2]

* ان کی اولاد امجاد میں الشیخ سلطان یوسف اپنے والد بزرگوار حضرت سلطان شہاب الدّین علی ملقبؒ بہ فرّخ شاہ کے بعد جانشین ہوئے اور آخر میں اُنہوں نے بھی سب جاہ وجلال دُنیاوی ترک کر دیا اور گوشہ نشین ہو گئے۔[3]

* اس شجرۂ نسب کے مطابق سولہویں پشت میں "اوّل تا آخر کی طرف" ہمارے آباؤاجدّاد میں سے ایک جدامجد "الشیخ قاضی شعیب" رحمتہ اللہ "چنگیز خان" کے حملہ کے دوران کابل سے ہجرت کر کے برصغیر ہندوستان کے بادشاہ "فیروز شاہ تغلق" کے عہد حکومت میں وارِد" قصور "لاہور پنجاب ہوئے یہ حضرت فرید الدین گنج شکر رحمتہ اللہ کے دادا محترم تھے ان کے ایک بیٹے" جمال الدین سلیمان"، فریدالدین گنج شکر کے والدمحترم ہیں اور ایک دوسرے بیٹے" عبداللہ رحمتہ اللہ" سے ہمارا سلسلہ نسب چلتا ہے۔"عبداللہ رحمتہ اللہ" نے حضرت بہاءالدین زکریا ملتانی رحمتہ اللہ تعالیٰ سے بھی خلافت پائی تھی۔[4]

* ہمارے اجدّاد میں سے بائیسویں پشت کے "اوّل تا آخر کی طرف" ہمارے ایک جدامجد "الشیخ امام رفیع الدینؒ" ہیں آپ جامع علوم ظاہر و باطن تھے آپ نے اپنے مرشد سید جلال الدین بخاریؒ ملقبؒ مخدوم جہانیاں جہاں گشت کے حکم پر نویں صدی ہجری کے ابتدا میں کابل سے ہندوستان آکر لاہور اور دہلی کے درمیان ایک مقام" سرہند" کی بنیاد رکھی۔ 1077ھجری تک شہر کی آبادی اور ترقی رہی جب "سُلطان اورنگ زیب عالمگیر" تسخیر ممالک دکن مصروف ہوگئے تو یہاں سکھوں نے موقع پا کر شہر کو لوٹ مار کر اُجاڑ دیا۔اب کچھ کچھ آبادی باقی ہے۔[5]

* ہمارے اجدّاد میں سے الشیخ محمد یعقوب صرفیؒ (908ھ بمطابق 1521ء) کشمیر میں پیدا ہوئے مجددالف ثانیؒ کے استاد تھے تین واسطوں سے ان کے عم زاد بھی زینہ کدل سری نگر میں آپ کا مزار ہے

[1] عُلماءِ شریعت کے نزدیک" شَیخ" اُسے کہتے ہیں ،جو بدعات کو ختم کر کے سُنّت زندہ کرنے کا اہتمام کرے، اوراس کے علاوہ یہ لفظ اُستاد اور عالم دین اور" مرشدِ کامل" کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

[2] تذکرہ مشائخ نقشبندی [3] مکتُوباتِ امامِ ربّانیؒ (مولانا قاضی عالم الدّین) [4] اسلامی انسائیکو پیڈیا

[5] مکتُوباتِ امامِ ربّانی

